بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ (17) ﴾ سورۃ القمر: 17

”اور البتہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟“

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ 06

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN
بیت القرآن
لاہور - پاکستان

جملہ حقوق بحق بیت القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مصباح القرآن ﴿ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ ﴾ پارہ نمبر 6
مرتب	پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	محمد اکرم محمدی، مدثر بن یوسف، حافظ سعید عمران
اشاعت دوم	ستمبر 2012
پبلشر	"بیت القرآن" پاکستان
ہدیہ	90 روپے

پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات وخواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔

فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115

فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111

ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org

ای میل info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

فون: 37320318-042 فیکس: 37239884-042

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔

فون: 32629724-021 فیکس: 32633887-021

"مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روزمرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2. سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

الجزء 6

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ	اللہ نہیں پسند کرتا علانیہ بُری بات کہنا
اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ	مگر جس پر ظلم کیا گیا ہو
وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿148﴾	اور اللہ ہے خوب سننے والا، خوب جاننے والا۔ ﴿148﴾
اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا	اگر تم کھلم کھلا کرو گے بھلائی (کا کام)
اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ	یا تم چھپا کر کرو گے اسے یا تم درگزر کرو گے (کسی کے) قصور سے
فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿149﴾	تو بیشک اللہ تعالیٰ معاف کرنیوالا، قدرت والا ہے۔ ﴿149﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ	بیشک وہ لوگ جو انکار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کا
وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ	اور اس کے رسولوں کا اور وہ چاہتے ہیں کہ
يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ	وہ تفریق کریں اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان
وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ	اور کہتے ہیں ہم مانتے ہیں بعض کو
وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ	اور ہم انکار کرتے ہیں بعض کا
وَّ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا	اور وہ چاہتے ہیں کہ اپنا لیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُحِبُّ : حب، محبوب، محبت۔	تُخْفُوْهُ : خفیہ باتیں، مخفی راز۔
الْجَهْرَ : جہری نماز، آمین بالجہر۔	تَعْفُوْا، عَفُوًّا : عفو و درگزر، معافی۔
بِالسُّوْٓءِ : سوئے ادب، علمائے سوء۔	قَدِيْرًا : قادر، قدیر، قدرتِ کاملہ۔
الْقَوْلِ، يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، اقوالِ زریں۔	يُرِيْدُوْنَ : ارادہ، مرید، مراد۔
ظُلِمَ : ظلم، ظالم، مظلوم۔	يُّفَرِّقُوْا : فرق، فریق، تفریق۔
سَمِيْعًا : سمع و بصر، قوتِ سماعت، محفلِ سماع۔	نُؤْمِنُ : امن، ایمان، مؤمن۔
عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	يَّتَّخِذُوْا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔

لَا یُحِبُّ ❶	اللّٰهُ	الْجَهْرَ	بِالسُّوْٓءِ	مِنَ الْقَوْلِ ❷	اِلَّا	مَنْ
نہیں پسند کرتا	اللہ تعالیٰ	علانیہ	بُری بات کو	کہنا	مگر	جس پر

ظُلِمَ ؕ	وَ كَانَ اللّٰهُ	سَمِیْعًا ❸	عَلِیْمًا ❸ (148)	اِنْ	تُبْدُوْا
ظلم کیا گیا ہو	اور ہے اللہ	خوب سننے والا	خوب جاننے والا	اگر	تم سب کھلم کھلا کرو

خَیْرًا ❹	اَوْ	تُخْفُوْهُ ❺	اَوْ	تَعْفُوْا	عَنْ سُوْٓءٍ
کوئی بھلائی	یا	تم سب چھپا کر کرو گے اسے	یا	تم سب درگزر کردو گے	بُرائی (قصور) سے

فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ ❻	عَفُوًّا	قَدِیْرًا ❸ (149)	اِنَّ	الَّذِیْنَ
تو بیشک	اللہ تعالیٰ	ہے	معاف کرنیوالا	بہت قدرت والا	بیشک	وہ لوگ جو

یَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	رُسُلِهٖ	وَ یُرِیْدُوْنَ	اَنْ
وہ سب انکار کرتے ہیں	اللہ تعالیٰ کا	اور	اسکے رسولوں (کا)	اور وہ سب چاہتے ہیں	کہ

یُّفَرِّقُوْا	بَیْنَ اللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَ یَقُوْلُوْنَ	نُؤْمِنُ
وہ سب فرق کریں	اللہ کے درمیان	اور اسکے رسولوں (کے درمیان)	اور وہ سب کہتے ہیں	ہم مانتے ہیں

بِبَعْضٍ	وَّ نَكْفُرُ	بِبَعْضٍ ۙ	وَّ	یُرِیْدُوْنَ	اَنْ	یَّتَّخِذُوْا
بعض کو	اور ہم انکار کرتے ہیں	بعض کا	اور	وہ سب چاہتے ہیں	کہ	وہ سب بنالیں

ضروری وضاحت

❶ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ علامت "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ یہاں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❺ علامت "وْا" کے ساتھ اگر کوئی اور علامت ہو تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❻ "كَانَ" کا ترجمہ کبھی "تھا" اور کبھی "ہے" دونوں طرح کیا جاتا ہے۔

بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ﴿150﴾
اس کے درمیان کوئی راستہ۔ ﴿150﴾

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَ اَعْتَدْنَا
وہی لوگ کافر ہیں حقیقی اور ہم نے تیار کر رکھا ہے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿151﴾
کافروں کیلئے ذلت آمیز عذاب۔ ﴿151﴾

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ
اور وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ اور اسکے رسولوں پر

وَ لَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ
اور نہیں انہوں نے فرق کیا ان میں سے کسی ایک کے درمیان

اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ
وہی لوگ ہیں (کہ) عنقریب وہ دے گا انہیں انکے اجر

وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿152﴾ ع
اور اللہ تعالیٰ ہے بہت بخشنے والا، نہایت مہربان۔ ﴿152﴾ ع

ع 21 11 1

يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ
مانگتے ہیں آپ سے اہل کتاب (یہ نشانی)

اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ
کہ آپ اتار لائیں ان پر ایک کتاب آسمان سے

فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ
تو تحقیق یہ مانگ چکے موسیٰ سے اس سے بڑی (نشانی)

فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً
پس کہنے لگے ہمیں دکھا اللہ کو ظاہری طور پر (سامنے لاکر)

فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ
تو آ پکڑا ان کو (بجلی کی) کڑک نے ان کے ظلم کی وجہ سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بَيْنَ :بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
سَبِيْلًا :فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
الْكٰفِرُوْنَ :کفر، کافر، کفار۔
مُّهِيْنًا :اہانت آمیز، توہین۔
اٰمَنُوْا :امن، ایمان، مومن۔
يُفَرِّقُوْا :فرق، تفریق، تفرقہ، فریق۔
مِّنْهُمْ :منجانب، منجملہ، من حیث القوم۔

اُجُوْرَهُمْ :عنداللہ ماجور ہوں، اجر و ثواب، اجرت۔
غَفُوْرًا :غفور ورحیم، استغفار، دعائے مغفرت۔
رَّحِيْمًا :رحمان ورحیم، رحمتِ کائنات۔
يَسْـَٔلُكَ، سَاَلُوْا : سوال، سائل، مسئول۔
تُنَزِّلَ :نازل، نزول، منزل۔
عَلَيْهِمْ :علیٰ ھذا القیاس، علی الاعلان، علیحدہ۔
اَرِنَا :رؤیت ہلال، رؤیت باری تعالیٰ۔

بَيْنَ ذٰلِكَ	سَبِيْلًا ۙ (150) ❶	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ❷	حَقًّا ۚ
اس کے درمیان	کوئی راستہ	وہی لوگ	ہی سب کافر ہیں	حقیقی

وَ	اَعْتَدْنَا ❸	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا (151)	وَالَّذِيْنَ
اور	ہم نے تیار کر رکھا ہے	سب کافروں کیلئے	عذاب	ذلت آمیز	اور وہ لوگ جو

اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَ لَمْ	يُفَرِّقُوْا ❹	بَيْنَ اَحَدٍ ❶
سب ایمان لائے	اللہ پر	اور اسکے رسولوں پر	اور نہیں	ان سب نے فرق کیا	کسی ایک کے درمیان

مِّنْهُمْ	اُولٰٓئِكَ	سَوْفَ	يُؤْتِيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ ؕ	وَ	كَانَ اللّٰهُ	غَفُوْرًا
ان میں سے	وہی لوگ	عنقریب	وہ دیگا انہیں	انکے اجر	اور	ہے اللہ تعالیٰ	بہت بخشنے والا

ع 21 11 1

رَّحِيْمًا ۧ (152)	يَسْئَلُكَ ❺	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَنْ	تُنَزِّلَ	عَلَيْهِمْ
بہت مہربان	مانگتے ہیں آپ سے	اہل کتاب	کہ	آپ اُتار لائیں	ان پر

كِتٰبًا	مِّنَ السَّمَآءِ	فَقَدْ	سَاَلُوْا	مُوْسٰٓى	اَكْبَرَ ❻	مِنْ ذٰلِكَ
کتاب	آسمان سے	تو تحقیق	یہ سب مانگ چکے	موسیٰ سے	زیادہ بڑی (نشانی)	اس سے

فَقَالُوْٓا	اَرِنَا اللّٰهَ ❼	جَهْرَةً ❽	فَاَخَذَتْهُمُ ❽	الصّٰعِقَةُ ❽	بِظُلْمِهِمْ ۚ
پس سب کہنے لگے	تو دکھا ہمیں اللہ	سامنے لاکر	تو آپکڑا انکو	کڑک نے	انکے ظلم کی وجہ سے

ضروری وضاحت

❶ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" یا "کسی" کیا گیا ہے۔ ❷ "ھُمْ" اور "اَلْ" دونوں میں "ہی" کا مفہوم ہے۔ ❸ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو ترجمہ عموماً "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❹ "یُ" کا ترجمہ "وہ" ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ "اُن" بھی کر لیا جاتا ہے۔ ❺ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❻ "اَکْبَرُ" میں علامت "أ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❼ "نَا" سے پہلے اگر "زیر" ہو تو ترجمہ "ہمیں" کیا جاتا ہے۔ ❽ "ۃ، تْ" مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ	پھر انہوں نے بنالیا بچھڑے کو (معبود)
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ	اس کے بعد کہ آچکی تھیں ان کے پاس کھلی نشانیاں
فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ	تو ہم نے درگزر کیا اس سے
وَ اٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا (153)	اور ہم نے دیا موسیٰ کو واضح غلبہ۔ (153)
وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ	اور ہم نے اٹھایا انکے اوپر طور (پہاڑ) کو ان سے عہد لینے کو
وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ	اور ہم نے کہا ان سے داخل ہونا دروازے سے
سُجَّدًا وَّ قُلْنَا لَهُمْ	سجدہ کرتے ہوئے اور ہم نے کہا ان سے
لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ	مت تجاوز کرو ہفتے کے دن میں
وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا (154)	اور ہم نے لیا ان سے مضبوط عہد۔ (154)
فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ	تو ان کے توڑنے کے سبب اپنے عہد کو
وَ كُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	اور انکے انکار کرنے (کی وجہ سے) اللہ کی آیات کا
وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ	اور انکے قتل کرنے (کی وجہ سے) نبیوں کو ناحق طریقے سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اتَّخَذُوا : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
الْبَيِّنٰتُ، مُّبِيْنًا : بیان، بیّن دلیل، مبیّنہ طور پر۔
فَعَفَوْنَا : عفوو درگزر، عافیت، معافی نامہ۔
سُلْطٰنًا : سلطان معظم، سلطنت۔
رَفَعْنَا : اعلیٰ وارفع، رفعت، سطحِ مرتفع۔
فَوْقَهُمْ : فوق الاسباب مافوق الفطرت، فوقیّت۔
بِمِيْثَاقِهِمْ، مِيْثَاقًا : میثاقِ مدینہ، وثوق، اُمیدِ واثق۔

تَعْدُوْا : ظلم وتعدّی، عدوان، متعدّی بیماریاں۔
ادْخُلُوا : داخل، دخول، داخلہ۔
الْبَابَ : بابِ جنت، بابِ عبدالعزیز۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لامحدود۔
نَقْضِهِمْ : نقضِ عہد، نقضِ امن (توڑنا)۔
كُفْرِهِمْ : کفر، کافر، کفار۔
قَتْلِهِمْ : قتل، قاتل، مقتول۔

ثُمَّ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ ❶	مِنْ بَعْدِ ❷	مَا ❸	جَآءَتْهُمُ ❹
پھر	ان سب نے بنالیا	بچھڑے کو (معبود)	اسکے بعد	کہ	آچکی تھیں انکے پاس

الْبَيِّنٰتُ ❺	فَعَفَوْنَا ❻	عَنْ ذٰلِكَ ج	وَ	اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	سُلْطٰنًا
کھلی نشانیاں	تو ہم نے درگزر کیا	اس سے	اور	ہم نے دیا	موسیٰ کو	غلبہ

مُّبِيْنًا (153)	وَ	رَفَعْنَا	فَوْقَهُمُ	الطُّوْرَ	بِمِيْثَاقِهِمْ	وَ قُلْنَا ❻
واضح	اور	ہم نے اٹھایا	انکے اوپر	طور (پہاڑ) کو	ان سے عہد لینے کو	اور ہم نے کہا

لَهُمُ	ادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	وَّ قُلْنَا ❻	لَهُمْ
ان سے	سب داخل ہونا	دروازے سے	سجدہ کرتے ہوئے	اور ہم نے کہا	ان سے

لَا تَعْدُوْا ❼	فِي السَّبْتِ	وَ	اَخَذْنَا ❻	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا
مت تم سب تجاوز کرو	ہفتے کے دن میں	اور	ہم نے لیا	ان سے	عہد

غَلِيْظًا (154)	فَبِمَا ❽	نَقْضِهِمْ	مِّيْثَاقَهُمْ	وَ	كُفْرِهِمْ
مضبوط	تو بسبب	ان کے توڑنے (کے)	اپنے عہد کو	اور	انکے انکار کرنے (کے)

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ❺	وَ	قَتْلِهِمُ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ	حَقٍّ
اللہ کی آیات کا	اور	انکے قتل کرنے (کی وجہ سے)	نبیوں کو	بغیر	حق (کے)

ضروری وضاحت

❶ فعل کے بعد اسم کے آخر میں "زبر" ہوتو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ❷ لفظ "بَعْدِ" سے پہلے "مِنْ" ہوتو اس کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❸ لفظ "بَعْدِ" کے بعد اگر "مَا" ہوتو اس کا ترجمہ "کہ" کیا جاتا ہے۔ ❹ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❻ "نَا" سے پہلے "جزم" ہوتو ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے ❼ فعل کے شروع میں "لَا" اور آخر میں "وْا" ہوتو "کام نہ کرنے کا حکم" ہوتا ہے۔ ❽ "مَا" زائد ہے اسکا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

وَّقَوۡلِهِمۡ قُلُوۡبُنَا غُلۡفٌ ؕ	اور انکے یہ کہنے (کی وجہ سے کہ) ہمارے دلوں پر پردے ہیں
بَلۡ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيۡهَا بِكُفۡرِهِمۡ	بلکہ اللہ نے مہر لگا دی ہے ان پر ان کے کفر کی وجہ سے
فَلَا يُؤۡمِنُوۡنَ اِلَّا قَلِيۡلًا ﴿155﴾	پس نہیں وہ ایمان لاتے مگر بہت کم۔ ﴿155﴾
وَّ بِكُفۡرِهِمۡ	اور ان کے کفر کرنے کی وجہ سے
وَقَوۡلِهِمۡ عَلٰى مَرۡيَمَ بُهۡتَانًا عَظِيۡمًا ۙ ﴿156﴾	اور مریم پر انکے بہتان عظیم کی بات کہنے (کی وجہ سے) ﴿156﴾
وَّ قَوۡلِهِمۡ اِنَّا قَتَلۡنَا	اور ان کے یہ کہنے (کی وجہ سے) کہ بیشک ہم نے قتل کیا
الۡمَسِيۡحَ عِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ رَسُوۡلَ اللّٰهِ ۚ	مسیح عیسیٰ ابن مریم کو (جو) اللہ کے رسول ہیں
وَمَا قَتَلُوۡهُ	اور نہ انہوں نے قتل کیا اسے
وَمَا صَلَبُوۡهُ	اور نہ انہوں نے سولی پر چڑھایا اسے
وَ لٰكِنۡ شُبِّهَ لَهُمۡ ؕ	اور لیکن شبہے میں ڈال دیا گیا ان کو
وَ اِنَّ الَّذِيۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ	اور بیشک وہ لوگ جنہوں نے اختلاف کیا اس میں
لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ ؕ	یقیناً شک میں ہیں اس بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَوۡلِهِمۡ	:قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	عَظِيۡمًا	: عظیم، عظمت، عظیم المرتبت۔
قُلُوۡبُنَا	:قلبی تعلق، قلوب واذہان، امراض قلب۔	قَتَلۡنَا، قَتَلُوۡهُ	:قتل، قتال، قاتل، مقتول۔
غُلۡفٌ	:غلافِ کعبہ، قرآن کا غلاف۔	صَلَبُوۡهُ	:صلیب، صلیبی جنگیں۔
طَبَعَ	:طباعت، مطبوعہ کتب، مطبوعات۔	لٰكِنۡ	:لیکن۔
عَلَيۡهَا	:علیحدہ، علیٰ ھٰذا القیاس، علی الاعلان۔	شُبِّهَ	:شبہ، تشبیہ، مشابہ۔
يُؤۡمِنُوۡنَ	:امن، ایمان، مومن۔	اخۡتَلَفُوۡا	:اختلاف، مختلف۔
اِلَّا قَلِيۡلًا	:الا یہ کہ، الاقلیل، قلت۔	شَكٍّ	:شک وشبہ، مشکوک، شکوک وشبہات۔

وَّ	قَوْلِهِمْ ❶	قُلُوْبُنَا	غُلْفٌ ط	بَلْ	طَبَعَ
اور	انکے کہنے (کی وجہ سے کہ)	ہمارے دلوں پر	پردے ہیں	بلکہ	مہر لگادی

اللّٰهُ	عَلَيْهَا	بِكُفْرِهِمْ ❶	فَلَا	يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا
اللہ نے	ان پر	ان کے کفر کی وجہ سے	پس نہیں	وہ سب ایمان لاتے	مگر

قَلِيْلًا ص (155)	وَّ	بِكُفْرِهِمْ ❶	وَ	قَوْلِهِمْ ❶	عَلٰى مَرْيَمَ
بہت کم	اور	انکے کفر کی وجہ سے	اور	انکے بات کہنے (کی وجہ سے)	مریم پر

بُهْتَانًا عَظِيْمًا لا (156)	وَّ	قَوْلِهِمْ ❶	اِنَّا قَتَلْنَا ❷	الْمَسِيْحَ
بہتان عظیم کی	اور	انکے کہنے (کی وجہ سے کہ)	بیشک ہم نے قتل کیا	مسیح

عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ	رَسُوْلَ اللّٰهِ ج	وَ مَا	قَتَلُوْهُ ❸
عیسیٰ بن مریم کو	(جو) اللہ کے رسول ہیں	اور نہ	ان سب نے قتل کیا اسے

وَ مَا	صَلَبُوْهُ ❸	وَ لٰكِنْ	شُبِّهَ ❹	لَهُمْ ❺ ط
اور نہ	ان سب نے سولی پر چڑھایا اسے	اور لیکن	شبہے میں ڈال دیا گیا	ان کو

وَ اِنَّ	الَّذِيْنَ	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ ❻	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ ❻ ط
اور بیشک	وہ لوگ جن	سب نے اختلاف کیا	اس میں	یقیناً شک میں ہیں	اس بارے میں

ضروری وضاحت

❶ "هُمْ" سے پہلے اگر "زیر" آجائے تو یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے "هِمْ" ہو جاتا ہے۔ ❷ یہاں "اِنَّا" میں "نَا" اور "قَتَلْنَا" میں "نَا" دونوں کا ترجمہ "ہم نے" ہے۔ ❸ علامت "وْا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❹ اگر آخر سے پہلے "زیر" ہو اور شروع میں پیش تو اس فعل میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ "هُمْ" کے ساتھ "لَ" کا ترجمہ "لیے" یا "کو" ہوتا ہے۔ ❻ علامت "هٗ، هٖ" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو یہ "هٗ" سے "هُ" اور "هٖ" سے "هِ" ہو جاتے ہیں۔

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ	نہیں انکے پاس اس کا کوئی علم سوائے گمان کی پیروی کے
وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۙ﴿157﴾	اور نہیں قتل کیا انہوں نے اسے یقیناً۔ ﴿157﴾
بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ	بلکہ اللہ نے اسے اٹھالیا اپنی طرف
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿158﴾	اور ہے اللہ تعالیٰ غالب، حکمت والا۔ ﴿158﴾
وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا	اور نہیں ہے کوئی اہل کتاب میں سے مگر
لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ	ضرور وہ ایمان لے آئیگا اُس (عیسیٰ) پر انکی موت سے پہلے
وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ﴿159﴾	اور قیامت کے دن وہ (عیسیٰ) ہوں گے ان پر گواہ۔ ﴿159﴾
فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ	تو (ان لوگوں) کے ظلم (شرارتوں) کی وجہ سے جو
هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ	یہودی ہوئے ہم نے حرام کردیں ان پر
طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ	وہ پاکیزہ چیزیں (جو) حلال کی گئی تھیں ان پر
وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۙ﴿160﴾	اور انکے روکنے کی وجہ سے اللہ کی راہ سے کثرت سے۔ ﴿160﴾
وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا	اور ان کے سود لینے (کی وجہ سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ	:منجانب، من جملہ، من وعن۔	لَيُؤْمِنَنَّ	:امن، ایمان، مؤمن۔
عِلْمٍ	:علم، عالم، معلوم، تعلیم۔	قَبْلَ	:قبل از وقت، قبل از غذا، دوروز قبل۔
اتِّبَاعَ	:اتباع سنت، اتباع رسول۔	يَوْمَ	:یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
الظَّنِّ	:ظنِ غالب، حسنِ ظن۔	عَلَيْهِمْ	:علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قَتَلُوْهُ	:قتل، قتال، قاتل، مقتول۔	شَهِيْدًا	:شاہد، شہید، شہادت، شہداء۔
يَقِيْنًا	:یقین، یقینی طور پر۔	فَبِظُلْمٍ	:ظلم، ظالم، مظلوم۔
رَّفَعَهُ	:اعلیٰ وارفع، رفعت۔	طَيِّبٰتٍ	:طیب وطاہر، طیب چیزیں، کلمہ طیبہ۔

مَا	لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ ❶❷	اِلَّا	اتِّبَاعَ الظَّنِّ ج	وَ مَا
نہیں	انکے پاس	اس کا	کوئی علم	سوائے	گمان کی پیروی کے	اور نہیں

قَتَلُوْهُ ❸	يَقِيْنًا ۙ (157)	بَلْ	رَّفَعَهُ ❹	اللّٰهُ	اِلَيْهِ ط
ان سب نے قتل کیا اسے	یقیناً	بلکہ	اٹھالیا اسے	اللہ نے	اپنی طرف

وَ كَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا (158)	وَ	اِنْ	مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اور ہے	اللہ تعالیٰ	غالب	حکمت والا	اور	نہیں ہے	(کوئی) اہل کتاب میں سے

اِلَّا	لَيُؤْمِنَنَّ ❻	بِهٖ	قَبْلَ مَوْتِهٖ ج	وَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ❼
مگر	ضرور بضرور وہ ایمان لے آئیگا	اُس (عیسیٰ) پر	انکی موت سے پہلے	اور	قیامت کے دن

يَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا ج (159)	فَبِظُلْمٍ	مِّنَ الَّذِيْنَ
وہ ہونگے	ان پر	گواہ	تو ظلم کی وجہ سے	ان لوگوں کی طرف سے جو

هَادُوْا	حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	طَيِّبٰتٍ ❼	اُحِلَّتْ ❽	لَهُمْ
سب یہودی ہوئے	ہم نے حرام کردیں	ان پر	پاکیزہ چیزیں	(جو) حلال کی گئی تھیں	ان پر

وَ	بِصَدِّهِمْ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	كَثِيْرًا ۙ (160)	وَّ	اَخْذِهِمُ الرِّبٰوا
اور	انکے روکنے کی وجہ سے	اللہ کی راہ سے	کثرت سے	اور	انکے سود لینے (کی وجہ سے)

ضروری وضاحت

❶"مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❸ علامت "وا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❹"ہٗ" کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے "ہُ" کردیتے ہیں۔ ❺"اِنْ" کے بعد اگر اسی جملے میں "اِلَّا" آرہا ہو تو اس کا ترجمہ "نہیں" کیا جاتا ہے۔ ❻"نَّ" سے پہلے اگر "زبر" ہو تو وہ فعل واحد کے لیے ہوتا ہے۔ ❼"ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❽"اُحِلَّتْ" میں "تْ" فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَ قَدْ نُهُوْا عَنْهُ	حالانکہ یقیناً وہ منع کیے گئے اس سے
وَ اَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ	اور ان کے کھانے (کی وجہ سے) لوگوں کے مالوں کو
بِالْبَاطِلِ ط وَ اَعْتَدْنَا	باطل طریقے سے، اور ہم نے تیار کیا ہے
لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿161﴾	ان میں سے کافروں کے لیے دردناک عذاب۔ ﴿161﴾
لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ	لیکن (جو) علم میں پختہ ہیں ان (یہودیوں) میں سے
وَ الْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ	اور (وہ جو) مؤمن ہیں وہ ایمان لاتے ہیں
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ	اس پر جو نازل کیا گیا آپ کی طرف
وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ	اور جو نازل کیا گیا آپ سے پہلے
وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ	اور نماز قائم کرنے والے ہیں
وَ الْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ	اور زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں
وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط	اور ایمان لانے والے ہیں اللہ اور آخرت کے دن پر
اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿162﴾ ع	یہی وہ لوگ ہیں (کہ) عنقریب ہم دینگے انہیں اجرِ عظیم۔ ﴿162﴾ ع

ع 22 10 2

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُهُوْا :منہیات، نہی عن المنکر۔

اَكْلِهِمْ :اکل وشرب، مأکولات۔

اَمْوَالَ :مال وزر، بیت المال، مالی تعاون۔

بِالْبَاطِلِ :باطل گروہ، باطل قوتیں۔

اَلِيْمًا :رنج والم، المیہ، المناک۔

الرّٰسِخُوْنَ :راسخ العقیدہ، اثر ورسوخ۔

الْعِلْمِ :علم، عالم، تعلیم، معلوم، معلومات۔

الْمُؤْمِنُوْنَ، يُؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مؤمن۔

اُنْزِلَ :نازل، شانِ نزول، منزل۔

اِلَيْكَ :الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔

قَبْلِكَ :قبل از وقت، قبل از غذا، دو روز قبل۔

الْمُقِيْمِيْنَ : قائم، قیام، مقیم۔

الْيَوْمِ :یوم آخرت، یوم آزادی، یوم تکبیر۔

عَظِيْمًا :عظیم لوگ، عظیم المرتبت، عظمت۔

وَ قَدْ ❶	نُهُوْا	عَنْهُ	وَ	اَكْلِهِمُ	اَمْوَالَ النَّاسِ
حالانکہ تحقیق	وہ سب منع کئے گئے تھے	اس سے	اور	انکے کھانے (کی وجہ سے)	لوگوں کے مالوں کو

بِالْبَاطِلِ ط	وَ	اَعْتَدْنَا ❷	لِلْكٰفِرِيْنَ	مِنْهُمْ
باطل (طریقے) سے	اور	ہم نے تیار کیا ہے	سب کافروں کیلئے	ان میں سے

عَذَابًا	اَلِيْمًا (161)	لٰكِنِ ❸	الرّٰسِخُوْنَ	فِي الْعِلْمِ	مِنْهُمْ
عذاب	دردناک	لیکن	(جو) سب پختہ ہیں	علم میں	ان میں سے

وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ ❹❺	اِلَيْكَ
اور	(وہ جو) سب مؤمن ہیں	وہ سب ایمان لاتے ہیں	(اس) پر جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف

وَ مَآ	اُنْزِلَ ❹❺	مِنْ قَبْلِكَ	وَ الْمُقِيْمِيْنَ ❻	الصَّلٰوةَ ❼
اور جو	نازل کیا گیا	آپ سے پہلے	اور سب قائم کرنے والے ہیں	نماز

وَ	الْمُؤْتُوْنَ ❻	الزَّكٰوةَ ❼	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ ❻	بِاللّٰهِ
اور	سب ادا کرنے والے ہیں	زکوٰۃ	اور	سب ایمان لانے والے ہیں	اللہ پر

وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط	اُولٰٓئِكَ	سَنُؤْتِيْهِمْ	اَجْرًا عَظِيْمًا (162) ع
اور	آخرت کے دن پر	یہی وہ لوگ ہیں (کہ)	عنقریب ہم دینگے انہیں	اجر عظیم

ع 22 10 2

ضروری وضاحت

❶ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❷ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❸ "لٰكِنْ" کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے اس کے "نون" کے نیچے "زیر" دی گئی ہے۔ ❹ شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس فعل میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❺ شروع میں "اُ" معنی میں بدیلی کے لیے ہے۔ ❻ یہاں علامت "مُ" میں "کرنے والے" کا مفہوم ہے۔ ❼ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

اِنَّآ اَوۡحَيۡنَآ اِلَيۡكَ كَمَآ — بیشک ہم نے وحی بھیجی آپ کی طرف جیسا کہ

اَوۡحَيۡنَآ اِلٰى نُوۡحٍ — ہم نے وحی بھیجی نوح کی طرف

وَّالنَّبِيّٖنَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ۚ — اور (دوسرے) نبیوں (کی طرف) اس کے بعد

وَ اَوۡحَيۡنَآ اِلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ وَ اِسۡمٰعِيۡلَ — اور ہم نے وحی بھیجی ابراہیم اور اسماعیل کی طرف

وَ اِسۡحٰقَ وَ يَعۡقُوۡبَ وَ الۡاَسۡبَاطِ — اور اسحاق اور یعقوب اور (اسکی) اولاد (کی طرف)

وَعِيۡسٰى وَ اَيُّوۡبَ وَيُوۡنُسَ — اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس (کی طرف)

وَ هٰرُوۡنَ وَسُلَيۡمٰنَ ۚ — اور ہارون اور سلیمان (کی طرف)

وَ اٰتَيۡنَا دَاوٗدَ زَبُوۡرًا ۚ ﴿163﴾ — اور ہم نے دی داؤد کو زبور۔ ﴿163﴾

وَ رُسُلًا قَدۡ قَصَصۡنٰهُمۡ — اور (بہت سے) رسول ہیں تحقیق ہم نے بیان کیا ہے اُنہیں

عَلَيۡكَ مِنۡ قَبۡلُ وَ رُسُلًا — آپ پر اس سے قبل اور (بہت سے) رسول ہیں (کہ)

لَّمۡ نَقۡصُصۡهُمۡ عَلَيۡكَ ؕ — ہم نے نہیں بیان کیا اُن کو آپ پر

وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوۡسٰى تَكۡلِيۡمًا ۚ ﴿164﴾ — اور بات کی اللہ تعالیٰ نے موسیٰ سے بول کر۔ ﴿164﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَوۡحَيۡنَآ : وحی الٰہی، نزولِ وحی۔

اِلَيۡكَ، اِلٰى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔

كَمَآ : کما حقہ۔

النَّبِيّٖنَ : نبی، انبیاء۔

مِنۡ : منجانب، من جملہ، من وعن۔

بَعۡدِهٖ : بعد از نبوت، دو دن بعد۔

الۡاَسۡبَاطِ : سبط، سبطین (دو نواسے، دو پوتے)۔

وَ : شان وشوکت، رحم وکرم، عفو و درگزر۔

رُسُلًا : رسولِ مکرم، انبیاء ورسل۔

قَصَصۡنٰهُمۡ : قصص الانبیاء، قصے کہانیاں۔

عَلَيۡكَ : علی الاعلان، علی العموم، علی ھٰذا القیاس۔

قَبۡلُ : قبل از موت، قبل از غذا۔

كَلَّمَ، تَكۡلِيۡمًا : متکلم، تکیہ کلام، کلام اِلٰہی۔

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ ❶	اِلَيْكَ	كَمَآ	اَوْحَيْنَآ ❷	اِلٰى نُوْحٍ
بیشک ہم نے وحی بھیجی	آپ کی طرف	جیسا کہ	ہم نے وحی بھیجی	نوح کی طرف

وَّ	النَّبِيّٖنَ ❸	مِنْۢ بَعْدِهٖ ❹ ج	وَ	اَوْحَيْنَآ ❷	اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ
اور	سب نبیوں (کی طرف)	اس کے بعد	اور	ہم نے وحی بھیجی	ابراہیم کی طرف

وَ	اِسْمٰعِيْلَ	وَ	اِسْحٰقَ	وَ	يَعْقُوْبَ	وَ	الْاَسْبَاطِ
اور	اسماعیل	اور	اسحاق	اور	یعقوب	اور	(اسکی) اولاد (کی طرف)

وَعِيْسٰى	وَ اَيُّوْبَ	وَيُوْنُسَ	وَ هٰرُوْنَ	وَ	سُلَيْمٰنَ ج
اور عیسٰی	اور ایوب	اور یونس	اور ہارون	اور	سلیمان (کی طرف)

وَ	اٰتَيْنَا ❷	دَاوٗدَ	زَبُوْرًا ج (163)	وَ	رُسُلًا	قَدْ ❺
اور	ہم نے دی	داؤد کو	زبور	اور	(بہت سے) رسول ہیں	تحقیق

قَصَصْنٰهُمْ ❷	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	وَ	رُسُلًا
ہم نے بیان کیا ہے اُنہیں	آپ پر	اس سے قبل	اور	(بہت سے) رسول ہیں

لَّمْ	نَقْصُصْهُمْ	عَلَيْكَ ط	وَ	كَلَّمَ اللّٰهُ	مُوْسٰى	تَكْلِيْمًا ❻ ج (164)
نہیں	ہم نے بیان کیا اُنکو	آپ پر	اور	بات کی اللہ تعالیٰ نے	موسیٰ سے	بول کر

ضروری وضاحت

❶ "اِنَّا" اصل میں "اِنَّ+نَا" تھا آسانی کیلئے ایک "ن" گرادیا گیا ہے اور "اِنَّا" میں "نَا" اور "اَوْحَيْنَا" میں "نَا" دونوں کا ملا کر ترجمہ "ہم نے" کیا ہے۔ ❷ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو اس کا ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❸ اصل میں "اَلنَّبِيِيْنَ" تھا اگر "یْ" ساکن سے پہلے "زیر" ہو تو اسے "کھڑی زیر" سے بھی ظاہر کر لیتے ہیں۔ ❹ لفظ "بَعْدِ" سے پہلے اگر "مِنْ" ہو تو اس "مِنْ" کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ❺ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کے لیے ہے۔ ❻ "تَكْلِيْمًا" گزرے ہوئے فعل کا مصدر ہے اور عموماً تاکید کے لیے آتا ہے۔

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ	(ہم نے بھیجا) رسولوں کو خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے بنا کر
لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ	تا کہ نہ ہو لوگوں کے لیے
عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ	اللہ تعالیٰ پر کوئی حجت (الزام) رسولوں (کے آنے) کے بعد
وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿165﴾	اور ہے اللہ غالب، حکمت والا۔ ﴿165﴾
لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ	لیکن اللہ گواہی دیتا ہے اس (کتاب) کی جو
اَنْزَلَ اِلَيْكَ	اس نے نازل کی آپ کی طرف (کہ)
اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ	اس نے نازل کیا ہے اسے اپنے علم سے
وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ	اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں
وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ ﴿166﴾	اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور گواہ۔ ﴿166﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور (دوسروں کو) روکا اللہ کے راستے سے
قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿167﴾	یقیناً وہ گمراہ ہوئے دور کی گمراہی میں۔ ﴿167﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رُسُلًا : انبیاء و رسل، رسولِ معظم ﷺ۔
مُّبَشِّرِيْنَ : بشیر و نذیر، عشرہ مبشرہ، بشارت۔
لِلنَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
حُجَّةٌ : حیل و حجت، اتمامِ حجت۔
بَعْدَ : بعد از نبوت، بعد از غذا۔
حَكِيْمًا : حکمت و دانائی، حکیم الامت۔
يَشْهَدُ، شَهِيْدًا : شاہد، شہید، شہادت، شہداء۔
اَنْزَلَ : نازل، شانِ نزول، منزل۔
بِعِلْمِهٖ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
الْمَلٰٓئِكَةُ : سید الملائکہ، مسجود ملائکہ۔
سَبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
ضَلُّوْا، ضَلٰلًا : ضلالت و گمراہی۔
بَعِيْدًا : بعد، بعید از قیاس۔

رُسُلًا	مُّبَشِّرِيْنَ ❶	وَ	مُنْذِرِيْنَ ❶	لِئَلَّا ❷	يَكُوْنَ ❸
رسولوں کو	خوشخبری دینے والے	اور	ڈرانے والے (بنا کر بھیجا گیا)	تا کہ نہ	ہو

لِلنَّاسِ	عَلَى اللّٰهِ	حُجَّةٌ ❹	بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ	وَ كَانَ	اللّٰهُ
لوگوں کے لیے	اللہ تعالیٰ پر	کوئی حجت	رسولوں (کے آنے) کے بعد	اور ہے	اللہ تعالیٰ

عَزِيْزًا	حَكِيْمًا (165)	لٰكِنِ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ ❸	بِمَآ
غالب	حکمت والا ہے	لیکن	اللہ	گواہی دیتا ہے	اس (کتاب) کی جو

اَنْزَلَ ❺	اِلَيْكَ	اَنْزَلَهٗ ❺	بِعِلْمِهٖ ج	وَالْمَلٰٓئِكَةُ ❻
اس نے نازل کی	آپ کی طرف	اس نے نازل کیا ہے اسے	اپنے علم سے	اور فرشتے (بھی)

يَشْهَدُوْنَ ؕ	وَ كَفٰى	بِاللّٰهِ ❼	شَهِيْدًا ؕ (166)	اِنَّ
وہ سب گواہی دیتے ہیں	اور کافی ہے	اللہ تعالیٰ	بطور گواہ	بیشک

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	صَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اور	سب نے (دوسروں کو) روکا	اللہ کے راستے سے

قَدْ ❽	ضَلُّوْا	ضَلٰلًا	بَعِيْدًا (167)
یقیناً	وہ سب گمراہ ہوئے	گمراہی میں	دور کی

ضروری وضاحت

❶ اگر اسم کے شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس میں "کرنے والا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❷ "لِئَلَّا = لِ + اَنْ + لَا" کا مجموعہ ہے۔ ❸ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ "ة" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ یہاں فعل کے شروع میں "اَ" معنی میں تبدیلی کے لیے ہے۔ "نَزَلَ" اترا۔ "اَنْزَلَ" اتارا۔ ❻ "اَلْمَلٰٓئِكَةُ" کے آخر میں "ة" مؤنث کے لیے نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ❼ "بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کے لیے ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ ظَلَمُوْا	بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور ظلم کیا
لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ	نہیں ہے اللہ کہ بخشے ان کو
وَ لَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿168﴾	اور نہ یہ کہ وہ ہدایت دے گا انہیں (سیدھے) راستے کی۔ ﴿168﴾
اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ	مگر جہنم کے راستے کی (کہ)
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں ہمیشہ ہمیشہ
وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿169﴾	اور ہے یہ اللہ پر بہت آسان۔ ﴿169﴾
يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ	اے لوگو! یقیناً آیا ہے تمہارے پاس رسول
بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ	حق کے ساتھ تمہارے رب کی طرف سے
فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ	تو ایمان لے آؤ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے
وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ	اور اگر تم کفر کرو گے تو بیشک اللہ کا ہے
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿170﴾	اور ہے اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا۔ ﴿170﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَفَرُوْا، تَكْفُرُوْا : کفر، کافر، کفار۔	يَسِيْرًا : میسر۔
ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم۔	النَّاسُ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
لِيَغْفِرَ : مغفرت، مرحوم و مغفور، دعائے مغفرت۔	الرَّسُوْلُ : رسول اکرم ﷺ، انبیاء و رسل۔
لِيَهْدِيَهُمْ : ہدایت، ہادی کائنات۔	فَاٰمِنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔
طَرِيْقًا : طریقہ و سلیقہ، طریقہ نماز، بطریق احسن۔	فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔	عَلِيْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
اَبَدًا : ابد الآباد۔	حَكِيْمًا : حکمت، حکیم الامت۔

اِنَّ ❶	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	ظَلَمُوْا	لَمْ يَكُنِ ❷	اللّٰهُ
بیشک	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اور	ان سب نے ظلم کیا	نہیں ہے	اللہ

لِيَغْفِرَ ❸	لَهُمْ ❹	وَ لَا	لِيَهْدِيَهُمْ ❸	طَرِيْقًا ۙ (168)	اِلَّا
کہ وہ بخشے	ان کو	اور نہ	یہ کہ وہ ہدایت دے انہیں	(سیدھے) راستے کی	مگر

طَرِيْقَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا ؕ	وَ كَانَ	ذٰلِكَ
جہنم کے راستے کی	سب ہمیشہ رہنے والے ہیں	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	اور ہے	یہ

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرًا ❺ (169)	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	قَدْ	جَآءَكُمُ	الرَّسُوْلُ
اللہ پر	بہت آسان ہے	اے لوگو!	یقیناً	آیا ہے تمہارے پاس	رسول

بِالْحَقِّ	مِنْ رَّبِّكُمْ	فَاٰمِنُوْا	خَيْرًا	لَّكُمْ ❹ ؕ
حق کے ساتھ	تمہارے رب (کی طرف) سے	تو تم سب ایمان لے آؤ	(یہ) زیادہ بہتر ہے	تمہارے لیے

وَ اِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ ❶	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ ❻
اور اگر	تم سب کفر کرو گے	تو بیشک	اللہ کا ہے	جو (کچھ)	آسمانوں میں ہے

وَ	الْاَرْضِ ؕ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا ❼	حَكِيْمًا ❼ (170)
اور	(جو) زمین میں ہے	اور ہے	اللہ تعالیٰ	خوب جاننے والا	بہت حکمت والا

ضروری وضاحت

❶ "اِنَّ" اسم کے شروع میں تاکید کے لیے ہے۔ ❷ علامت "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ "لِ" اگر فعل کے شروع میں ہو اور اس فعل کے آخر میں "زبر" ہو تو اس فعل کا ترجمہ "تا کہ" یا "یہ کہ" کیا جاتا ہے۔ ❹ "هُمْ" اور "کُمْ" کے ساتھ اگر "لِ" آئے تو اس پر "زبر" آجاتی ہے اور وہ "لَ" ہوجاتا ہے۔ ❺ "يَسِيْرًا" کے شروع میں "یَ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور یہ "فَعِيْلٌ" کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہے اس لیے ترجمہ "بہت" کیا گیا ہے۔ ❻ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغے" کا مفہوم ہوتا ہے۔

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ	اے اہل کتاب! حد سے تجاوز مت کرو اپنے دین میں
وَ لَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ	اور مت کہو اللہ کے بارے میں سوائے حق
اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ	حقیقت میں مسیح عیسیٰ بن مریم
رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ كَلِمَتُهٗ ۚ	اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ (بشارت) تھے
اَلْقٰهَاۤ اِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ ز	ڈال دیا اسے مریم کی طرف اور اس کی طرف سے روح تھے
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ۚ ۖ	تو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسولوں (پر)
وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ	اور مت کہو (کہ الٰہ) تین ہیں
اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ	باز آجاؤ (اس اعتقاد سے) بہتر ہوگا تمہارے لیے
اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ	حقیقت میں اللہ اکیلا ہی معبود ہے
سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ	پاک ہے وہ (اس بات سے) کہ ہو اس کی اولاد
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ	اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے
وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ع (171)	اور کافی ہے اللہ تعالیٰ بطور کارساز۔ ع (171)

وقف لازم

ع 23 / 9 / 3

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَغْلُوْا	:غلو فی الدین، غالی۔	فَاٰمِنُوْا	:امن، ایمان، مؤمن۔
فِيْ	:فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	ثَلٰثَةٌ	:مثلث، تثلیث، ثالث۔
الْحَقَّ	:حق و صداقت، حق بات۔	اِلٰهٌ	:الٰہ حقیقی، کلام الٰہی۔
الْمَسِيْحُ	:مسیحی قوم، مسیحیت، مسیح برادری۔	وَّاحِدٌ	:واحد راستہ، واحد شکل، وحدت امت۔
كَلِمَتُهٗ	:کلمہ، کلام، تکیہ کلام۔	سُبْحٰنَهٗ	:تسبیح، تسبیحات۔
اَلْقٰهَاۤ	:دل میں القاء کرنا، القاء و الہام۔	الْاَرْضِ	:ارض و سما، کرہ ارض، اراضی۔
رُوْحٌ	:روح، روحانی فائدے، روحانی سکون۔	وَكِيْلًا	:وکیل صفائی، وکالت۔

يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ	لَا	تَغۡلُوۡا ❶	فِىۡ دِيۡنِكُمۡ	وَ لَا	تَقُوۡلُوۡا ❶
اے اہل کتاب!	مت	تم سب تجاوز کرو	اپنے دین میں	اور مت	تم سب کہو

عَلَى اللّٰهِ	اِلَّا الۡحَقَّ ؕ	اِنَّمَا ❸	الۡمَسِيۡحُ	عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ
اللہ کے بارے میں	مگر حق	حقیقت میں	مسیح	عیسیٰ بن مریم

رَسُوۡلُ اللّٰهِ	وَ كَلِمَتُهٗ ۚ ❹	اَلۡقٰهَاۤ	اِلٰى مَرۡيَمَ	وَ رُوۡحٌ ❺	مِّنۡهُ ز
اللہ کے رسول	اور اس کا کلمہ تھے	ڈالا اسے	مریم کی طرف	اور روح تھے	اس (کی طرف) سے

فَاٰمِنُوۡا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ ۚ	وَ لَا	تَقُوۡلُوۡا ❶	ثَلٰثَةٌ ❻ ؕ
تو تم سب ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسولوں (پر)	اور مت	تم سب کہو	(الٰہ) تین ہیں

اِنۡتَهُوۡا	خَيۡرًا	لَّكُمۡ ؕ	اِنَّمَا اللّٰهُ ❸	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ
تم سب باز آجاؤ (اس اعتقاد سے)	بہتر ہے	تمہارے لیے	درحقیقت اللہ	اکیلا ہی معبود ہے

وقف لازم

سُبۡحٰنَهٗۤ	اَنۡ يَّكُوۡنَ ❼	لَهٗ	وَلَدٌ ❽	لَهٗ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ ❻
پاک ہے وہ	کہ ہو	اس کی	کوئی اولاد	اسی کا ہے	جو	آسمانوں میں ہے

ع 23 9 3

وَ مَا	فِى الۡاَرۡضِ ؕ	وَ كَفٰى	بِاللّٰهِ ❷	وَ كِيۡلًا ع (171)
اور جو	زمین میں ہے	اور کافی ہے	اللہ تعالیٰ	بطور کارساز

ضروری وضاحت

❶"لَا" کے بعد فعل کے آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔❷"بِ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❸"اِنَّمَا" کا مفہوم اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔❹اللہ نے عیسیٰ کو کلمہ "کُنۡ" کہہ کر بغیر باپ کے پیدا کیا۔❺روح سے مراد وہ پھونک ہے جسے جبریل نے اللہ کے حکم سے مریم کے گریبان میں ماری اور اسے اللہ نے باپ کے نطفے کے قائم مقام بنادیا۔❻"ۃ، ات" مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔❼"یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❽تنوین میں عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" کیا ہے۔

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ	ہرگز نہیں عار محسوس کریں گے (یا انکار کریں گے) مسیح
اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ	کہ وہ ہوں اللہ کے بندے
وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ	اور نہ مقرب فرشتے (عار محسوس کرتے ہیں)
وَ مَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ	اور جو عار محسوس کرے (یا انکار کرے) اسکی عبادت سے
وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ	اور تکبر کرے تو عنقریب وہ اکٹھا کرے گا انہیں
اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿172﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ	اپنے پاس سب کو۔ ﴿172﴾ پس رہے وہ لوگ جو
اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے نیک
فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ	تو وہ پورا دے گا انہیں ان کے اجر
وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ	اور مزید عنایت کرے گا انہیں اپنے فضل سے
وَ اَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا	اور رہے وہ لوگ جنہوں نے (اسکی عبادت سے) انکار کیا
وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ	اور تکبر کیا تو وہ عذاب دے گا انہیں
عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ	دردناک عذاب۔

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَبْدًا، عِبَادَتِهٖ	عبادت، عابد، معبود۔
لَا	لاتعداد، لاعلاج، لامحدود۔
الْمُقَرَّبُوْنَ	قرب، قریب، قربت، قریبی۔
يَسْتَكْبِرْ	تکبر، متکبر۔
فَسَيَحْشُرُ	حشر، میدان محشر۔
اِلَيْهِ	الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
جَمِيْعًا	جمیع کائنات، جماعت، جمع وتفریق۔
اٰمَنُوْا	امن، ایمان، مؤمن۔
عَمِلُوْا	عمل، اعمال، معمول، تعمیل۔
فَيُوَفِّيْهِمْ	وفادار، ایفائے عہد، وفا۔
اُجُوْرَهُمْ	اجر، عنداللہ ماجور ہوں، اجرت۔
يَزِيْدُ	زائد، زیادہ، مزید، زیادتی۔
فَضْلِهٖ	فضل وکرم، اللہ کا فضل۔
اَلِيْمًا	رنج والم، المناک حادثہ، المیہ۔

لَنْ ❶	يَّسْتَنْكِفَ ❷	الْمَسِيْحُ	اَنْ يَّكُوْنَ	عَبْدًا لِّلّٰهِ ❸
ہرگز نہیں	عار محسوس (یا انکار) کریں گے	مسیح	کہ وہ ہوں	اللہ کے بندے

وَ لَا	الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ❹ ط	وَ مَنْ	يَّسْتَنْكِفْ ❷
اور نہ	سب مقرب فرشتے (عار محسوس کرتے ہیں)	اور جو	عار محسوس کرے (یا انکار کرے)

عَنْ عِبَادَتِهٖ	وَيَسْتَكْبِرْ	فَسَيَحْشُرُهُمْ	اِلَيْهِ ❺
اس کی عبادت سے	اور وہ تکبر کرے	تو عنقریب وہ اکٹھا کرے گا انہیں	اپنے پاس

جَمِيْعًا (172)	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ عَمِلُوا
سب کو	پس رہے	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اور سب نے اعمال کئے

الصّٰلِحٰتِ ❻	فَيُوَفِّيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَ	يَزِيْدُهُمْ
نیک	تو وہ پورا دے گا انہیں	ان کے بدلے	اور	وہ مزید عنایت کرے گا انہیں

مِّنْ فَضْلِهٖ ج	وَ اَمَّا	الَّذِيْنَ	اسْتَنْكَفُوْا
اپنے فضل سے	اور رہے	وہ لوگ جن	سب نے انکار کیا (اسکی عبادت سے)

وَ	اسْتَكْبَرُوْا	فَيُعَذِّبُهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا ❼ لا
اور	سب نے تکبر کیا	تو وہ عذاب دے گا انہیں	عذاب	دردناک

ضروری وضاحت

❶ علامت "لَنْ" فعل میں تاکید کے ساتھ نفی کا مفہوم شامل کر دیتی ہے اور فعل کو مستقبل کے معنی میں کر دیتی ہے۔ ❷ "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❸ علامت "لِ" جب اس کے ساتھ ہو تو اس کا ترجمہ کبھی "لیے" بھی ہوتا ہے۔ ❹ "اَلْمَلٰئِكَةُ" کے آخر میں "ة" واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے۔ ❺ علامت "اِلٰی" کا ترجمہ "طرف" یا "تک" ہوتا ہے ضرورتاً یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔
❻ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغے" کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ	اور نہیں پائیں گے اپنے لیے
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿173﴾	اللہ کے سوا کوئی حامی اور نہ کوئی مددگار۔ ﴿173﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ	اے لوگو! یقیناً آ چکی ہے تمہارے پاس
بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ	(روشن) دلیل تمہارے رب کی طرف سے
وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿174﴾	اور ہم نے نازل کیا تمہاری طرف چمکتا ہوا نور۔ ﴿174﴾
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ	پس رہے وہ لوگ جو ایمان لائے اللہ پر
وَ اعْتَصَمُوْا بِهٖ	اور انہوں نے مضبوطی سے تھامے رکھا اس کو
فَسَيُدْخِلُهُمْ	پس عنقریب وہ داخل کریگا انہیں
فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ	اپنی طرف سے رحمت میں اور فضل (میں)
وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۭ ﴿175﴾	اور وہ ہدایت دے گا انہیں اپنی طرف سیدھے راستے کی۔ ﴿175﴾
يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ	(لوگ) آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں (کلالہ کے بارے میں)
قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۭ	کہہ دو (کہ) اللہ حکم دیتا ہے تمہیں کلالہ کے بارے میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَجِدُوْنَ : وجد، وجود، موجود۔

وَلِيًّا : ولی، ولایت، اولیاء اللہ، اولیائے کرام۔

نَصِيْرًا : فتح و نصرت، ناصر، منصور۔

النَّاسُ : عوام الناس، عامۃ الناس۔

بُرْهَانٌ : دلیل و برہان، براہین قاطعہ۔

اَنْزَلْنَاۤ : نازل، نزول، منزل۔

اِلَيْكُمْ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔

نُوْرًا : نورِ ہدایت، منور، نورانی چہرہ۔

مُّبِيْنًا : بیان، دلیل بیّن، مبیّنہ طور پر۔

فَسَيُدْخِلُهُمْ : داخل، دخول، داخلی امور۔

رَحْمَةٍ : رحمتِ کائنات، رحمت کا سایہ۔

فَضْلٍ : فضل و رحمت، اللہ کا فضل۔

يَهْدِيْهِمْ : ہدایت، ہادیِ کائنات۔

يَسْتَفْتُوْنَكَ، يُفْتِيْكُمْ : فتویٰ، مفتی۔

وَلَا ❶	يَجِدُوْنَ	لَهُمْ ❷	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ❸	وَلِيًّا ❹
اور نہیں	وہ سب پائیں گے	اپنے لیے	اللہ کے سوا	کوئی حامی

وَّلَا	نَصِيْرًا ❹ (173)	يٰۤاَيُّهَا ❺	النَّاسُ	قَدْ	جَآءَكُمْ
اور نہ	کوئی مددگار	اے	لوگو!	یقیناً	آ چکی ہے تمہارے پاس

بُرْهَانٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ	اَنْزَلْنَآ ❻	اِلَيْكُمْ	نُوْرًا	مُّبِيْنًا (174)
دلیل	تمہارے رب (کی طرف) سے	اور	ہم نے نازل کیا	تمہاری طرف	نور	چمکتا ہوا

فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	اعْتَصَمُوْا
پس رہے	وہ لوگ جو	سب ایمان لائے	اللہ پر	اور	سب نے مضبوطی سے تھامے رکھا

بِهٖ	فَسَيُدْخِلُهُمْ	فِيْ رَحْمَةٍ	مِّنْهُ
اس کو	پس عنقریب وہ داخل کریگا انہیں	رحمت میں	اپنی (طرف) سے

وَ فَضْلٍ ۙ	وَّ	يَهْدِيْهِمْ	اِلَيْهِ	صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ؕ (175)
اور فضل (میں)	اور	وہ ہدایت دے گا انہیں	اپنی طرف	سیدھے راستے کی

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ	قُلِ	اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ ❼	فِي الْكَلٰلَةِ ❽ ؕ
وہ سب آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں	کہہ دو (کہ)	اللہ تعالیٰ	تمہیں حکم دیتا ہے	کلالہ کے بارے میں

ضروری وضاحت

❶ علامت "لَا" کے بعد فعل کے آخر میں "وْنَ" ہو تو کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ❷ علامت "لِ" جب "هُمْ" کے شروع میں آئے تو یہ "لَ" ہو جاتی ہے۔ ❸ "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❹ تنوین (ڈبل حرکت) میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❺ "یَا" اور "اَیُّهَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❻ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❼ "یُ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ "كَلٰلَةٌ" کہتے ہیں جس کی اولاد ہو نہ والدین۔

اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ	(کہ) اگر کوئی (ایسا) مرد فوت ہو جائے
لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ	(کہ) نہ ہو اسکی اولاد (اور نہ باپ)
وَّ لَهٗٓ اُخْتٌ	اور اسکی ایک بہن ہو
فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ	تو اس (بہن) کا آدھا حصہ ہے (اس سے) جو اس نے چھوڑا
وَ هُوَ يَرِثُهَآ	اور وہ (بھائی) وارث ہوگا اس (بہن کے تمام مال) کا
اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ	(بشرطیکہ) اگر نہ ہو اس (بہن) کی اولاد
فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا	پھر اگر وہ ہوں دو (بہنیں) تو ان دونوں کا
الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ	دو تہائی (حصہ) ہے اس سے جو اس (مرنیوالے) نے چھوڑا
وَ اِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّ نِسَآءً	اور اگر ہوں وہ بھائی، بہن (یعنی) مرد اور عورتیں (ملے جلے وارث)
فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ	تو ایک مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصے کے برابر ہوگا
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ	اللہ بیان کرتا ہے تمہیں (یہ سب احکام) کہ تم گمراہ (نہ) ہو جاؤ
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ؏ (176)	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ؏ (176)

ع 24 5 4

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

هَلَكَ	: ہلاک، ہلاکت، مہلک ہتھیار۔	اِخْوَةً	: اخوتِ اسلامی، مواخات مدینہ۔
وَلَدٌ	: ولد، اولاد، مولود۔	رِجَالًا	: قحط الرجال، رجال کار۔
نِصْفُ	: صفائی نصف ایمان ہے۔	فَلِلذَّكَرِ	: مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔
تَرَكَ	: ترکہ، متروکہ، تارک صلوٰۃ۔	الْاُنْثَيَيْنِ	: مؤنث، تذکیر و تانیث۔
يَرِثُهَآ	: وارث، ورثا، ورثہ، موروثی جائیداد۔	مِثْلُ	: مثل، مثال، تمثیل، مثالیں۔
اثْنَتَيْنِ	: لاثانی، تیرا کوئی ثانی نہیں۔	يُبَيِّنُ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
مِمَّا (مِنْ+مَا)	: منجانب، من جملہ / ماحول، ماتحت۔	تَضِلُّوْا	: ضلالت و گمراہی۔

اِنِ	امْرُؤٌا ❶	هَلَكَ	لَيْسَ	لَهٗ	وَلَدٌ ❷
اگر	کوئی مرد	فوت ہو جائے	(کہ) نہ ہو	اس کی	کوئی اولاد

وَّ	لَهٗٓ	اُخْتٌ	فَلَهَا	نِصْفُ	مَا	تَرَكَ ۚ
اور	اس کی	ایک بہن ہو	تو اس (بہن) کا	آدھا حصہ ہے	(اس سے) جو	اس نے چھوڑا

وَ هُوَ	يَرِثُهَآ ❸	اِنْ لَّمْ	يَكُنْ ❸	لَّهَا	وَلَدٌ ؕ
اور وہ (بھائی)	وارث ہوگا اس (بہن) کا	(بشرطیکہ) اگر نہ	ہو	اس (بہن) کی	کوئی اولاد

فَاِنْ	كَانَتَا اثْنَتَيْنِ ❹	فَلَهُمَا	الثُّلُثٰنِ	مِمَّا ❺
پھر اگر	وہ (بہنیں) دو ہوں	تو ان دونوں کا	دو تہائی (حصہ) ہے	اس سے جو

تَرَكَ ؕ	وَ اِنْ	كَانُوْٓا	اِخْوَةً ❻	رِّجَالًا
اس (مرنیوالے) نے چھوڑا	اور اگر	وہ سب ہوں	بھائی، بہن	(یعنی) مرد

وَّ نِسَآءً	فَلِلذَّكَرِ	مِثْلُ حَظِّ	الْاُنْثَيَيْنِ ؕ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ ❸
اور عورتیں (ملے جلے وارث)	تو (ایک) مرد کا	حصہ برابر ہے	دو عورتوں کے (حصے کے)	بیان کرتا ہے اللہ

لَكُمْ ❼	اَنْ	تَضِلُّوْا ؕ	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ❽ ۧ (176)
تمہارے لیے	کہ	تم سب گمراہ (نہ) ہو جاؤ	اور اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا ہے

24 ع 5 4

ضروری وضاحت

❶ "اِمْرُؤٌ" کے آخر میں "ہمزہ" پر پیش ہو تو اسکی "ر" پر بھی "پیش" اور اگر "زبر" ہو تو "زبر" اور اگر "زیر" ہو تو "زیر" آتی ہے۔
❷ "وَلَدٌ" سے مراد "اولاد" ہے۔ ❸ "يَ" کے ترجمہ کی ضرورت نہیں۔ ❹ "اثْنَتَيْنِ" مکمل لفظ کا ترجمہ دو ہے اور كَانَتَا کے آخر میں "ا" کا مفہوم بھی دو ہے۔ ❺ "مِمَّا" اصل میں "مِنْ+مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❻ یہاں "ة" جمع کیلئے ہے۔ ❼ "لِ" جب "كُمْ" کے شروع میں آئے تو یہ "لَ" ہو جاتی ہے اور اسکے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں ❽ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں "مبالغے" کا مفہوم ہوتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 120 | 5 سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ 112 | رُكُوْعَاتُهَا 16

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۗ	پورا کرو عہدوں کو
اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ	حلال کئے گئے تمہارے لیے چوپائے چرنے والے
اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ	سوائے (انکے) جو پڑھ کر سنائے جاتے ہیں تم پر
غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ	(کہ تم) نہ حلال سمجھنے والے ہو شکار کو
وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ	اس حال میں (کہ) تم احرام (کی حالت) میں ہو
اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ﴿1﴾	بیشک اللہ حکم دیتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔ ﴿1﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! بے حرمتی نہ کرو
شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ	اللہ کی نشانیوں کی اور نہ حرمت والے مہینے کی
وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ	اور نہ قربانی کے جانور کی اور نہ پٹے والے (جانوروں) کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰمَنُوْٓا	:امن، ایمان، مؤمن۔	الصَّيْدِ	: دام صیاد، صید گاہ (شکار)۔
اَوْفُوْا	:وعدہ وفا کرنا، ایفائے عہد، وفادار۔	عَلَيْكُمْ	: علی الاعلان، علی العموم، علی ھذا القیاس۔
بِالْعُقُوْدِ	:عقد نکاح۔	حُرُمٌ	: محرم، حرمت والے مہینے، احرام کی حالت۔
اُحِلَّتْ، مُحِلِّي	:حلت و حرمت، حلال و حرام۔	يَحْكُمُ	: حکم، حکومت، محکوم۔
اِلَّا	:الا یہ کہ، الا قلیل، الا ماشاءاللہ۔	يُرِيْدُ	: ارادہ، مرید، مراد۔
مَا	:ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	شَعَآئِرَ	: شعائرِ اسلام (نشانیاں)۔
يُتْلٰى	:تلاوت، وحی متلو۔	الْقَلَآئِدَ	: قلادہ ڈالنا، تقلید، مقلد۔

اٰيَاتُهَا 120 — 5 سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ 112 — رُكُوْعَاتُهَا 16

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَوْفُوْا	بِالْعُقُوْدِ	اُحِلَّتْ ❷❸
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو!	سب پورا کرو	عہدوں کو	حلال کیے گئے ہیں

لَكُمْ	بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ ❸	اِلَّا	مَا	يُتْلٰى ❹
تمہارے لیے	چوپائے چرنے والے	سوائے (انکے)	جو	پڑھ کر سنائے جاتے ہیں

عَلَيْكُمْ	غَيْرَ	مُحِلِّي ❺	الصَّيْدِ	وَ ❻	اَنْتُمْ
تم پر	نہ	حلال سمجھنے والے ہو	شکار کو	اس حال میں (کہ)	تم سب

حُرُمٌ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَحْكُمُ ❹	مَا	يُرِيْدُ ①
احرام میں ہو	بیشک	اللہ	حکم دیتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے

يٰاَيُّهَا ❶	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تُحِلُّوْا ❼	شَعَآئِرَ اللّٰهِ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو!	مت تم سب بے حرمتی کرو	اللہ کی نشانیوں کی

وَ لَا	الشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَ لَا	الْهَدْيَ	وَ لَا	الْقَلَآئِدَ
اور نہ	حرمت والے مہینے کی	اور نہ	قربانی کے جانور کی	اور نہ	پٹے والے جانوروں کی

ضروری وضاحت

❶ "یَا" اور "اَیُّهَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❷ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہے۔ ❸ "تْ" فعل کے ساتھ اور "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ شروع میں علامت "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کرنے والے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ "وَ" کا ترجمہ عموماً "اور" ہوتا ہے کبھی "حالانکہ" اور کبھی "قسم ہے" بھی کیا جاتا ہے۔ ❼ اگر فعل کے شروع میں "لَا" اور آخر میں "وْا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَلَآ آٰمِّیْنَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ	اور نہ (ان کی جو) حرمت والے گھر کا قصد کرنیوالے ہوں
یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ	(کہ) وہ چاہتے ہوں اپنے رب کا فضل اور خوشنودی
وَ اِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ	اور جب تم حلال ہو جاؤ (احرام اتار دو تو) پھر شکار کرلو
وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ	اور ہرگز آمادہ نہ کرے تمہیں کسی قوم کی دشمنی
اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	کہ انہوں نے روکا تمہیں (حدیبیہ کے سال) مسجد حرام سے
اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ	(اس بات پر) کہ تم زیادتی کرو (ان پر)
وَتَعَاوَنُوْا	اور ایک دوسرے کی مدد کرو
عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ	نیکی اور پرہیزگاری (کے کاموں) پر
وَ لَا تَعَاوَنُوْا	اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون نہ کرو
عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ۖ	گناہ اور زیادتی (کے کاموں) پر
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	اور تم اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ
اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿2﴾	بیشک اللہ سخت عذاب والا ہے۔ ﴿2﴾

وقف لازم

الربع

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْبَیْتَ : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت المال۔	فَاصْطَادُوْا : دام صیاد، صیدگاہ (شکار)۔
الْحَرَامَ : مسجد حرام، حرمت رسول۔	الْمَسْجِدِ : مسجد نبوی، مسجد حرام۔
تَعْتَدُوْا، الْعُدْوَانِ : ظلم وتعدی، عدوان، متعدی۔	تَعَاوَنُوْا : تعاون، معاون، معاونت۔
فَضْلًا : فضل ورحمت، اللہ کا فضل۔	عَلٰی : علی الاعلان، علی العموم، علیٰ ھٰذا القیاس۔
مِّنْ : من جانب، من جملہ، من حیث القوم۔	التَّقْوٰی، اتَّقُوْا : تقوٰی و پرہیزگاری، متقی۔
رِضْوَانًا : رضائے الٰہی، راضی نامہ۔	شَدِیْدُ : تشدد، متشدد، شدید، شدت۔
حَلَلْتُمْ : حلال، حلت وحرمت۔	الْعِقَابِ : ثواب عقاب، عقوبت خانہ۔

وَ لَآ	آٰمِّيْنَ ❶	الْبَيْتَ الْحَرَامَ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا
اور نہ (ان لوگوں کی جو)	سب قصد کرنیوالے ہوں	حرمت والے گھر کا	وہ سب تلاش کرتے ہیں	فضل

مِّنْ رَّبِّهِمْ ❷	وَ رِضْوَانًا ؕ	وَ اِذَا	حَلَلْتُمْ ❸
اپنے رب کا	اور خوشنودی	اور جب	تم سب حلال ہو جاؤ

فَاصْطَادُوْا ؕ	وَ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ ❹❺	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ ❻
پھر تم سب شکار کرلو	اور	ہرگز نہ آمادہ کرے تمہیں	دشمنی	کسی قوم کی

اَنْ	صَدُّوْكُمْ ❼	عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	اَنْ	تَعْتَدُوْا ۘ
کہ	ان سب نے روکا تمہیں	مسجد حرام سے	کہ	تم سب زیادتی کرو

وَ	تَعَاوَنُوْا ❽	عَلَى الْبِرِّ	وَ التَّقْوٰى ۠
اور	تم سب ایک دوسرے سے تعاون کرو	نیکی (کے کاموں) پر	اور پرہیزگاری (میں)

وَ لَا	تَعَاوَنُوْا ❽	عَلَى الْاِثْمِ	وَ	الْعُدْوَانِ ۠❾
اور مت	تم سب ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو	گناہ (کے کاموں) پر	اور	زیادتی (کے کاموں پر)

وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ ﴿2﴾
اور	تم سب ڈر جاؤ	اللہ تعالیٰ سے	بیشک اللہ	سخت	عذاب والا ہے

وقف لازم

الربع

ضروری وضاحت

❶ یہ لفظ اصل میں "اٰمِّیْنَ" تھا دو میموں کو ملا دیا گیا ہے۔ ❷ "مِنْ" کا اصل ترجمہ "سے" ہے یہ ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ❸ اس سے مراد تم احرام اُتار دو ہے۔ ❹ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ "نَّ" میں تاکید کا مفہوم ہے اسی کا ترجمہ "ہرگز" کیا گیا ہے۔ ❻ تنوین میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کسی" کیا گیا ہے۔ ❼ "وْا" کے ساتھ کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❽ "تَعَاوَنُوْا" کے "تَ" اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ❾ "ان" میں دو ہونے کا مفہوم نہیں۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ	حرام کردیا گیا تم پر مردار
وَ الدَّمُ وَ لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ	اور (بہتا ہوا) خون اور سؤر کا گوشت
وَ مَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ	اور (وہ) جو نام لیا گیا ہو غیر اللہ کا اس پر
وَ الْمُنْخَنِقَةُ وَ الْمَوْقُوْذَةُ	اور (وہ جانور جو) گلا گھٹ کر مرے اور (جو) چوٹ لگ کر مرے
وَ الْمُتَرَدِّيَةُ وَ النَّطِيْحَةُ	اور (جو) اوپر سے گر کر مرے اور (جو) سینگ لگ کر مرے
وَ مَآ اَكَلَ السَّبُعُ	اور (وہ جانور) جسے درندے پھاڑ کھائیں
اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ	مگر وہ جسے (مرنے سے پہلے) تم ذبح کرلو
وَ مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ	اور (وہ بھی حرام ہے) جو ذبح کیا گیا ہو آستانے پر
وَ اَنْ تَسْتَقْسِمُوْا	اور (وہ بھی) کہ تم قسمت معلوم کرو
بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ	فال کے تیروں سے یہ سب گناہ (کے کام) ہیں
اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ	آج مایوس ہوگئے ہیں وہ لوگ جنہوں نے
كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ	کفر کیا تمہارے دین سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حُرِّمَتْ : حلت وحرمت، حلال وحرام۔	ذُبِحَ : ذبح خانہ، مذبح۔
عَلَيْكُمْ، عَلَى : علی الاعلان، علی العموم۔	تَسْتَقْسِمُوْا : قسمت آزمائی، قسمت کا حال۔
الْمَيْتَةُ : میت، موت۔	فِسْقٌ : فسق وفجور، فاجر وفاسق۔
الْخِنْزِيْرِ : خنزیر کا گوشت۔	اَلْيَوْمَ : یوم آخرت، یوم آزادی، یوم تکبیر۔
مَآ : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	يَئِسَ : مایوس، مایوسی۔
لِغَيْرِ : غیر اسلامی، غیر وطن، غیر مسلم۔	كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار۔
اَكَلَ : اکل وشرب، ماکولات۔	دِيْنِكُمْ : دین اسلام، دین حنیف، ادیان باطلہ۔

حُرِّمَتْ ❶❷	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةُ ❸	وَ الدَّمُ	وَ	لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ
حرام کردیا گیا	تم سب پر	مردار	اور خون	اور	سؤر کا گوشت

وَ مَآ	اُهِلَّ ❷	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	وَ	الْمُنْخَنِقَةُ ❸
اور جو	نام لیا گیا ہو	غیر اللہ کا	اس پر	اور	(وہ جانور جو) گلا گھٹ کر مرے

وَ	الْمَوْقُوْذَةُ ❸	وَ	الْمُتَرَدِّيَةُ ❸	وَ	النَّطِيْحَةُ ❸
اور	(جو) چوٹ لگ کر مرے	اور	(جو) اوپر سے گر کر مرے	اور	(جو) سینگ لگ کر مرے

وَ مَآ	اَكَلَ	السَّبُعُ ❹	اِلَّا	مَا	ذَكَّيْتُمْ قف
اور جسے	(پھاڑ) کھائیں	درندے	مگر	(وہ) جسے	تم سب ذبح کرلو (مرنے سے پہلے)

وَ مَا	ذُبِحَ ❷	عَلَى النُّصُبِ	وَ	اَنْ
اور (وہ بھی حرام ہے) جو	ذبح کیا گیا ہو	آستانوں پر	اور	(وہ بھی حرام ہے جو) کہ

تَسْتَقْسِمُوْا ❺	بِالْاَزْلَامِ ط	ذٰلِكُمْ ❻	فِسْقٌ ط
تم سب قسمت معلوم کرو	فال کے تیروں سے	یہ (سب)	گناہ (کے کام) ہیں

اَلْيَوْمَ	يَئِسَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ دِيْنِكُمْ
آج	مایوس ہوگئے ہیں	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	تمہارے دین سے

ضروری وضاحت

❶ "تْ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ اگر فعل پر شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❸ "ۃ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ فعل کے بعد والے اسم کے آخر میں پیش ہو تو وہ فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ❺ "است" میں "طلب کرنے" کا مفہوم ہوتا ہے اور اس کے شروع میں کوئی اور علامت آئے تو اس کا "الف" گر جاتا ہے۔ ❻ "ذٰلِكَ" سے اگر اشارہ کیا جا رہا ہو اور جس کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زائد ہوں تو یہ "ذٰلِكُمْ" ہو جاتا ہے۔

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ	تو تم نہ ڈرو ان سے اور مجھ سے ڈرو
اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ	آج (کے دن) میں نے مکمل کر دیا ہے تمہارے لیے
دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ	تمہارا دین اور میں نے پوری کر دی ہے تم پر
نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ	اپنی نعمت اور میں نے پسند کیا ہے
لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ	تمہارے لیے اسلام کو بطور دین
فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ	پھر جو مجبور ہو جائے بھوک (کی حالت) میں
غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ	(حرام کردہ چیزوں کو کھانے پر) نہ جھکنے والا ہو گناہ کی طرف
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿3﴾	تو بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا، بہت مہربان ہے۔ ﴿3﴾
يَسْـَٔلُوْنَكَ	(لوگ) پوچھتے ہیں آپ سے
مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ	کیا حلال کیا گیا ہے ان کیلئے، آپ کہہ دیں
اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ	حلال کیا گیا ہے تمہارے لیے تمام پاکیزہ چیزوں کو
وَمَا عَلَّمْتُمْ	اور (ان شکاری جانوروں کا شکار بھی) جنہیں تم نے سدھایا ہو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَخْشَوْهُمْ : خشیتِ الٰہی۔	اضْطُرَّ : اضطراری حالت۔
اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔	غَفُوْرٌ : استغفار، دعائے مغفرت، غفور ورحیم۔
اَكْمَلْتُ : مکمل، اکمل، کامل۔	رَّحِيْمٌ : رحمان ورحیم۔
دِيْنَكُمْ، دِيْنًا : دین اسلام، دین حنیف، دین قیم۔	يَسْـَٔلُوْنَكَ : سوال، سائل، مسئول، مسئلہ۔
اَتْمَمْتُ : اتمام حجت، تمام۔	قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
نِعْمَتِيْ : اللہ کی نعمتیں، ناز ونعمت۔	عَلَّمْتُمْ : علم، معلوم، تعلیم، معلم۔
رَضِيْتُ : رضا، راضی نامہ، رضائے الٰہی۔	الطَّيِّبٰتُ : طیب، سیرت طیبہ، مدینہ طیبہ، کلمہ طیبہ۔

فَلَا	تَخْشَوْهُمْ ❶	وَاخْشَوْنِ ط ❷	اَلْيَوْمَ	اَكْمَلْتُ ❸
تو مت	تم سب ڈرو ان سے	اور تم سب مجھ سے ڈرو	آج (کے دن)	میں نے مکمل کر دیا ہے

لَكُمْ	دِيْنَكُمْ	وَ	اَتْمَمْتُ ❸	عَلَيْكُمْ	نِعْمَتِيْ
تمہارے لیے	تمہارا دین	اور	میں نے پوری کر دی	تم پر	اپنی نعمت

وَ	رَضِيْتُ	لَكُمُ	الْاِسْلَامَ	دِيْنًا ط
اور	میں نے پسند کیا ہے	تمہارے لیے	اسلام کو	(بطور) دین

فَمَنِ	اضْطُرَّ	فِيْ مَخْمَصَةٍ ❹	غَيْرَ
پھر جو	مجبور ہو جائے	بھوک (کی حالت) میں (حرام کردہ چیزوں کو کھانے پر)	نہ

مُتَجَانِفٍ ❺	لِّاِثْمٍ ❻ لا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿3﴾
جھکنے والا ہو	گناہ کی طرف	تو بیشک	اللہ تعالیٰ	بہت بخشنے والا	بہت مہربان ہے

يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَآ	اُحِلَّ ❸	لَهُمْ ط	قُلْ
وہ سب پوچھتے ہیں آپ سے	کیا	حلال کیا گیا ہے	ان کیلئے	آپ کہہ دیں

اُحِلَّ ❸	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ ❹ لا	وَ مَا	عَلَّمْتُمْ
حلال کیا گیا ہے	تمہارے لیے	پاکیزہ (تمام چیزوں کو)	اور (ان شکاری جانوروں کا شکار بھی) جنہیں	تم سب نے سدھایا ہو

ضروری وضاحت

❶ "لَا" کے بعد فعل کے آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے اور "وا" کے بعد کوئی اور علامت آئے تو اس کا "ا" گر جاتا ہے
❷ یہ اصل میں "وَاخْشَوْنِیْ" تھا آخر سے "یْ" گر گئی ہے اسی "یْ" کا ترجمہ "مجھ سے" کیا گیا ہے۔ ❸ شروع میں "اَ" معنیٰ میں تبدیلی کیلئے ہے جیسے "تَمَّ" پورا ہوا "اَتَمَّ" پورا کیا، "حَلَّ" حلال ہوا "اَحَلَّ" حلال کیا۔ ❹ "ۃ" اور "ات" مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس اسم میں "کرنیوالے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ "لِ" کا ترجمہ "لیے" ہوتا ہے ضرورتاً یہ ترجمہ کیا گیا ہے۔

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ	زخم دینے والے (جنہیں تم) شکاری بنانیوالے ہو (جانوروں میں) سے
تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۫	تم سکھاتے ہو انہیں اس سے جو تمہیں اللہ نے سکھایا ہے
فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ	پس کھاؤ اس سے جو (یہ شکاری جانور) پکڑ رکھیں تمہارے لیے
وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠	اور اللہ کا نام لیا کرو اس پر (چھوڑتے ہوئے)
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	اور اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ
اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿4﴾	بیشک اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والے ہیں۔ ﴿4﴾
اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ	آج حلال کردی گئیں تمہارے لیے تمام پاکیزہ چیزیں
وَ طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اور کھانا ان لوگوں کا جو دیے گئے کتاب
حِلٌّ لَّكُمْ ۠	تمہارے لیے حلال ہے
وَ طَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫	اور تمہارا کھانا ان کے لیے حلال ہے
وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ	اور پاک دامن مومن عورتیں (بھی حلال ہیں)
وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ	اور پاک دامن عورتیں ان لوگوں میں سے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْجَوَارِحِ : جراح، آلاتِ جراحی۔
تُعَلِّمُوْنَهُنَّ عَلَّمَكُمْ : علم، معلوم، تعلیم، معلم۔
مِمَّا (مِنْ+مَا) : منجانب، منجملہ / ماحول، ماتحت۔
فَكُلُوْا : اکل وشرب، ماکولات۔
اَمْسَكْنَ : امساک، تمسک، ممسک۔
اذْكُرُوا : ذکر، اذکار، تذکیر، مذکور۔
اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔

سَرِيْعُ : سرعت، سریع الحرکت۔
الْحِسَابِ : حساب وکتاب، یوم حساب۔
اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آزادی۔
اُحِلَّ، حِلٌّ : حلال وحرام، حلت وحرمت۔
الطَّيِّبٰتُ : طیب وطاہر، طیب چیزیں، مدینہ طیبہ۔
الْكِتٰبَ : کتاب الٰہی، اردو کی کتاب۔
الْمُؤْمِنٰتِ : ایمان، امن، مؤمن۔

مِنَ الْجَوَارِحِ	مُكَلِّبِيْنَ ❶❷	تُعَلِّمُوْنَهُنَّ	مِمَّا ❸
زخم دینے والے (جانوروں میں) سے	شکاری بنانیوالے ہو (کہ)	تم سب سکھاتے ہو انہیں	(اس) سے جو

عَلَّمَكُمُ	اللّٰهُ ز	فَكُلُوْا	مِمَّآ ❸	اَمْسَكْنَ ❹	عَلَيْكُمْ
سکھایا ہے تمہیں	اللہ نے	پس تم سب کھالو	(اس) سے جو	پکڑ رکھیں	تم پر

وَ	اذْكُرُوا ❺	اسْمَ اللّٰهِ	عَلَيْهِ ص	وَ اتَّقُوا ❺	اللّٰهَ ط
اور	تم سب ذکر کرو	اللہ کا نام	اس پر	اور تم سب ڈر جاؤ	اللہ تعالیٰ سے

اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ (4)	اَلْيَوْمَ	اُحِلَّ ❻
بیشک	اللہ تعالیٰ	جلد لینے والے ہیں	حساب	آج	حلال کردی گئیں

لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ ط ❼	وَطَعَامُ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ
تمہارے لیے	تمام پاکیزہ چیزیں	اور کھانا	ان لوگوں کا جو	سب دیے گئے	کتاب

حِلٌّ	لَّكُمْ ص	وَطَعَامُكُمْ	حِلٌّ	لَّهُمْ ز	وَ الْمُحْصَنٰتُ ❼
حلال ہے	تمہارے لیے	اور تمہارا کھانا	حلال ہے	ان کیلئے	اور پاک دامن عورتیں

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ ❼	وَ	الْمُحْصَنٰتُ ❼	مِنَ الَّذِيْنَ
مؤمن عورتوں میں سے	اور	پاک دامن عورتیں	ان لوگوں میں سے جو

ضروری وضاحت

❶ علامت "يْنَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷ شروع میں "مُ" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کرنیوالے" کا مفہوم ہوتا ہے ❸ "مِمَّا" دراصل "مِنْ + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❹ "ـنَ" مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ شروع میں "اُ" اور آخر میں "وْا" میں عموماً کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ شروع میں "اُ" معنی میں تبدیلی لانے کیلئے اور شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❼ "ات" اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ	کتاب دیے گئے تم سے پہلے (حلال ہیں)
اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ	جبکہ تم دو انہیں ان کے مہر
مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ	(تم) نکاح میں لانے والے ہو نہ کہ بدکاری کرنیوالے
وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ	اور نہ چھپے دوست بنانے والے
وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ	اور جو انکار کرے ایمان (کی باتوں) کا
فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ز وَ هُوَ	تو یقیناً ضائع ہو گیا اس کا عمل اور وہ
فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ع ۝5	آخرت میں خسارہ پانے والوں میں ہوگا۔ ع ۝5
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو!
اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ	جب تم کھڑے ہو نماز کے لیے
فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ	تو دھو لیا کرو اپنے منہ
وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ	اور اپنے ہاتھ کہنیوں تک (کہنیوں سمیت)
وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ	اور مسح کرلو اپنے سروں کا

ع 1/5/5

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْكِتٰبَ : کتاب، کتابوں کی دنیا۔	قُمْتُمْ : قائم، قیام، مقیم۔
قَبْلِكُمْ : قبل از وقت، قبل از غذا۔	اِلَى : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ، مرسل الیہ۔
غَيْرَ : غیر مسلم، غیر اسلامی، اغیار۔	فَاغْسِلُوْا : غسل جنابت، غسل خانہ۔
مُتَّخِذِيْٓ : اخذ، مأخوذ، مواخذہ۔	وُجُوْهَكُمْ : علیٰ وجہ البصیرت، متوجہ، توجہ، وجیہہ۔
بِالْاِيْمَانِ، اٰمَنُوْٓا : امن، ایمان، مؤمن۔	اَيْدِيَكُمْ : یدِ بیضاء، یدِ طولیٰ۔
الْاٰخِرَةِ : یوم آخرت، آخرت کی تیاری۔	امْسَحُوْا : مسح، سر کا مسح۔
الْخٰسِرِيْنَ : خسارہ، خائب و خاسر۔	بِرُءُوْسِكُمْ : رأس المال، رئیس۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	اِذَآ	اٰتَيْتُمُوْهُنَّ (1)
سب دیے گئے	کتاب	تم سے پہلے	جب (کہ)	دو تم سب انہیں

اُجُوْرَهُنَّ	مُحْصِنِيْنَ (2)	غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ (2)	وَ لَا	مُتَّخِذِيْٓ (2)
انکے اجر (مہر)	سب نکاح میں لانے والے	نہ کہ سب بدکاری کرنیوالے	اور نہ	پکڑنے والے

اَخْدَانٍ ؕ (3)	وَ مَنْ	يَّكْفُرْ (4)	بِالْاِيْمَانِ	فَقَدْ
چھپے دوست	اور جو	انکار کرے	ایمان (کی باتوں) کا	تو یقیناً

ع 1 5 5

حَبِطَ	عَمَلُهٗ ؗ	وَ هُوَ	فِي الْاٰخِرَةِ (5)	مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۧ (5)
ضائع ہو گیا	اس کا عمل	اور وہ	آخرت میں	خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا

يٰٓاَيُّهَا (6)	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	قُمْتُمْ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	جب	تم سب اٹھو

اِلَى الصَّلٰوةِ (5)	فَاغْسِلُوْا (7)	وُجُوْهَكُمْ	وَ	اَيْدِيَكُمْ
نماز کی طرف	تو تم سب دھو لیا کرو	اپنے چہروں کو	اور	اپنے ہاتھوں کو

اِلَى الْمَرَافِقِ	وَ	امْسَحُوْا (7)	بِرُءُوْسِكُمْ
کہنیوں تک	اور	تم سب مسح کر لو	اپنے سروں کا

ضروری وضاحت

(1) یہ لفظ اصل میں "اٰتَيْتُمْ + و + هُنَّ" ہے علامت "تُمْ" کے بعد اگر کوئی علامت آئے تو درمیان میں "و" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ (2) شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" میں کام "کرنے والے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ (3) "اَخْدَانِ" میں "ان" دو کے لیے نہیں بلکہ یہ جمع کے لیے ہے اور اس کا "ن" اصلی ہے۔ (4) "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ (5) "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ (6) "یَا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ (7) شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

وَ اَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ	اور اپنے پاؤں کو دونوں ٹخنوں تک (ٹخنوں سمیت)
وَ اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا	اور اگر ہو تم جنابت (کی حالت) میں
فَاطَّهَّرُوْا ؕ	تو (نہا کر) طہارت حاصل کرو
وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ	اور اگر ہو تم بیمار یا سفر پر
اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ	یا آیا ہو تم میں سے کوئی ایک بیت الخلا سے (ہو کر)
اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ	یا تم نے چھوا ہو عورتوں کو (صحبت کی ہو)
فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً	پھر نہ تم پاؤ پانی
فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا	تو تیمّم کر لو پاک مٹی سے
فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ	پس مسح کرو اپنے چہروں کا
وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ	اور اپنے ہاتھوں کا اس (مٹی) سے
مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ	اللہ تعالیٰ نہیں چاہتا
لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ	کہ ڈالے تم پر کوئی تنگی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

جُنُبًا	:جنبی، حالتِ جنابت۔	تَجِدُوْا	:وجد، وجود، موجود۔
فَاطَّهَّرُوْا	:طیب وطاہر، ازواجِ مطہرات۔	فَتَيَمَّمُوْا	:تیمّم کرنا۔
مَّرْضٰٓى	:مرض، امراض، مریض۔	طَيِّبًا	:طیب وطاہر، طیب چیزیں، کلمہ طیبہ۔
عَلٰى	:علی الاعلان، علی العموم۔	فَامْسَحُوْا	:مسح کرنا۔
النِّسَآءَ	:تربیت نسواں، نسوانیت۔	بِوُجُوْهِكُمْ	:علیٰ وجہ البصیرت، توجہ، متوجہ، وجیہہ۔
اَحَدٌ	:واحد حل، وحدت، توحید۔	اَيْدِيْكُمْ	:یدطولیٰ، ید بیضا۔
مِنْكُمْ	:منجانب، من جملہ، من حیث القوم۔	يُرِيْدُ	:ارادہ، مرید، مراد۔

وَ	اَرۡجُلَكُمۡ ❶	اِلَى الۡكَعۡبَيۡنِ ؕ	وَ اِنۡ	كُنۡتُمۡ	جُنُبًا
اور	اپنے پاؤں	دونوں ٹخنوں تک	اور اگر	ہو تم	جنابت کی حالت میں

فَاطَّهَّرُوۡا ؕ ❷	وَ اِنۡ	كُنۡتُمۡ	مَّرۡضٰٓى	اَوۡ
تو سب طہارت حاصل کرو	اور اگر	ہو تم	بیمار	یا

عَلٰى سَفَرٍ	اَوۡ	جَآءَ	اَحَدٌ ❸	مِّنۡكُمۡ	مِّنَ الۡغَآٮِٕطِ
سفر پر	یا	آیا ہو	کوئی ایک	تم میں سے	بیت الخلا سے

اَوۡ	لٰمَسۡتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمۡ	تَجِدُوۡا
یا	تم نے صحبت کی ہو	عورتوں سے	پھر نہ	تم سب پاؤ

مَآءً	فَتَيَمَّمُوۡا ❹	صَعِيۡدًا طَيِّبًا	فَامۡسَحُوۡا ❷
پانی	تو تم سب تیمّم کرلو	پاک مٹی سے	پس تم سب مسح کرو

بِوُجُوۡهِكُمۡ	وَ	اَيۡدِيۡكُمۡ	مِّنۡهُ ؕ	مَا
اپنے چہروں کا	اور	اپنے ہاتھوں کا	اس (مٹی) سے	نہیں

يُرِيۡدُ ❺	اللّٰهُ	لِيَجۡعَلَ	عَلَيۡكُمۡ	مِّنۡ حَرَجٍ ❻
چاہتا	اللہ تعالیٰ	کہ وہ ڈالے	تم پر	کوئی تنگی

ضروری وضاحت

❶ "اَرۡجُلَكُمۡ" کے شروع میں "ا" جمع بنانے کے لیے استعمال ہوا ہے اس کا ترجمہ "میں" نہیں ہے۔ ❷ اگر فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❸ ڈبل حرکت (تنوین) میں کبھی اسم کے عام ہونے کا مفہوم بھی ہوتا ہے اسی لیے یہاں ترجمہ "کوئی" کیا گیا ہے۔ ❹ یہاں علامت "تَ" میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ❺ یہاں علامت "يَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ یہاں "مِنۡ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ	اور لیکن وہ چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے
وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ	اور یہ کہ پوری کرے اپنی نعمت تم پر
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿6﴾ وَاذْكُرُوْا	تاکہ تم شکر کرو۔ ﴿6﴾ اور یاد کرو
نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ	اللہ کے احسان کو (جو) تم پر (اس نے کیا ہے)
وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ	اور اس کے عہد کو جو (کہ) پختگی سے لیا تم سے اس کو
اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۡ	جب تم نے کہا ہم نے سن لیا اور ہم نے مان لیا
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ	اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ تعالیٰ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿7﴾	خوب جاننے والا ہے سینوں والی بات کو۔ ﴿7﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! ہو جاؤ
قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ	قائم رہنے والے اللہ کیلئے گواہی دینے والے
بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ	انصاف کی اور نہ ہرگز آمادہ کرے تم کو
شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓي اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ	کسی قوم کی دشمنی اس بات پر کہ تم عدل نہ کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُرِيْدُ	:ارادہ، مرید، مراد۔	سَمِعْنَا	:سمع و بصر، قوتِ سماعت، سمعی و بصری معاونت۔
لِيُطَهِّرَ	:ازواج مطہرات، طاہر، طہارت۔	اَطَعْنَا	:اطاعت، مطیع۔
لِيُتِمَّ	:تمام، تمت، اتمام حجت۔	اتَّقُوا	:تقویٰ، متقی۔
نِعْمَتَهٗ	:اللہ کی نعمت، انعام۔	بِذَاتِ	:ذاتی طور پر، ذاتیات۔
تَشْكُرُوْنَ	:شکر، اظہارِ تشکر، مشکور، شکرگزار۔	الصُّدُوْرِ	:شقِ صدر، شرحِ صدر۔
اذْكُرُوْا	:ذکر، اذکار، تذکیر، مذکور۔	قَوّٰمِيْنَ	:قائم، قیام، قوام۔
مِيْثَاقَهٗ، وَاثَقَكُمْ	:میثاقِ مدینہ، وثوق، امیدواثق۔	بِالْقِسْطِ	:قسط، اقساط، قسطوں پر۔

وَ لٰكِنْ	يُّرِيْدُ	لِيُطَهِّرَكُمْ ❶	وَ	لِيُتِمَّ ❶	نِعْمَتَهٗ
اور لیکن	وہ چاہتا ہے	کہ وہ پاک کرے تمہیں	اور	تاکہ وہ پوری کرے	اپنی نعمت

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ❷ (6)	وَ	اذْكُرُوْا ❸	نِعْمَةَ اللّٰهِ
تم پر	تاکہ تم سب شکر کرو	اور	تم سب یاد کرو	اللہ کے احسان کو

عَلَيْكُمْ	وَ	مِيْثَاقَهُ	الَّذِيْ	وَاثَقَكُمْ	بِهٖٓ ۙ
(جو) تم پر (اس نے کیا)	اور	اس کے عہد کو	جو (کہ)	تم سے پختگی سے لیا	اس کو

اِذْ	قُلْتُمْ	سَمِعْنَا	وَ	اَطَعْنَا ز	وَ	اتَّقُوا اللّٰهَ ❸ ط
جب	تم نے کہا	ہم نے سن لیا	اور	ہم نے مان لیا	اور	تم سب اللہ سے ڈرو

اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ ❹	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (7)	يٰٓاَيُّهَا ❺	الَّذِيْنَ
بیشک	اللہ تعالیٰ	خوب جاننے والا ہے	سینوں والی (بات) کو	اے	وہ لوگو جو

اٰمَنُوْا	كُوْنُوْا	قَوّٰمِيْنَ ❻	لِلّٰهِ	شُهَدَآءَ	بِالْقِسْطِ
سب ایمان لائے ہو	تم سب ہو جاؤ	قائم رہنے والے	اللہ کیلئے	گواہی دینے والے	انصاف کی

وَ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ ❼	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ ❽	عَلٰٓى	اَلَّا ❾	تَعْدِلُوْا ط
اور	نہ ہرگز آمادہ کرے تمہیں	دشمنی	کسی قوم کی	(اس بات) پر	کہ نہ	تم سب عدل کرو

ضروری وضاحت

❶ جب فعل کے شروع میں "لِ" اور آخر میں "زبر" ہو تو ترجمہ "تاکہ" یا "کہ" کیا جاتا ہے۔❷ "کُمْ" اور "تَ" دونوں کا ترجمہ "تم" ہے۔
❸ فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے ❹ اس سانچے میں ڈھلے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔
❺ "یَا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔❻ "ین" جمع مذکر کیلئے ہے ترجمے کی ضرورت نہیں۔❼ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
❽ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ "کسی" کیا گیا ہے۔❾ "اَلَّا" اصل میں "اَنْ+لَا" کا مجموعہ ہے۔

اِعۡدِلُوۡا ۟ هُوَ اَقۡرَبُ لِلتَّقۡوٰى ۡ	عدل کیا کرو (کہ) وہ زیادہ قریب ہے تقویٰ کے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ	اوراللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ، بیشک اللہ تعالیٰ
خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿8﴾	خوب باخبر ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿8﴾
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	اللہ نے وعدہ فرمایا ہے ان لوگوں سے جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ	اور نیک اعمال کرتے رہے (کہ)
لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّاَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿9﴾	ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ ﴿9﴾
وَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَ كَذَّبُوۡا	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا
بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ ﴿10﴾	ہماری آیتوں کو وہی لوگ جہنم والے ہیں۔ ﴿10﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اذۡكُرُوۡا	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! یاد کرو
نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ	اللہ کے احسان کو (جو اس نے کیا ہے) تم پر
اِذۡ هَمَّ قَوۡمٌ	جب ارادہ کیا ایک قوم نے
اَنۡ يَّبۡسُطُوۡۤا اِلَيۡكُمۡ اَيۡدِيَهُمۡ	کہ وہ بڑھائیں تمہاری طرف اپنے ہاتھوں کو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اِعۡدِلُوۡا	:عدل، عدالت، عدلیہ، عادل۔	مَّغۡفِرَةٌ	:مرحوم و مغفور، دعائے مغفرت۔
اَقۡرَبُ	:اقرب، قریبی، قرابت۔	كَفَرُوۡا	:کفر، کافر، کفار۔
لِلتَّقۡوٰى، اتَّقُوۡا	:تقویٰ، متقی۔	كَذَّبُوۡا	:کذب بیانی، کذّاب، تکذیب۔
خَبِيۡرٌ	:خبر، خبردار، مخبر، اخبار۔	اَصۡحٰبُ	:اصحاب، صاحب، صحبت۔
تَعۡمَلُوۡنَ، عَمِلُوۡا	:عمل، اعمال، تعمیل۔	اذۡكُرُوۡا	:ذکر، اذکار، مذکور۔
وَعَدَ	:وعدہ، وعید۔	نِعۡمَتَ	:اللہ کی نعمت، انعام۔
اٰمَنُوۡا	:امن، ایمان، مؤمن۔	قَوۡمٌ	:قوم، اقوام، قومی، بین الاقوامی۔

اِعْدِلُوْا ❶ قف	هُوَ	اَقْرَبُ ❷	لِلتَّقْوٰى ز	وَاتَّقُوا ❶	اللّٰهَ ط
تم سب عدل کیا کرو (کہ)	وہ	زیادہ قریب ہے	تقویٰ کے	اور سب ڈر جاؤ	اللہ تعالیٰ سے

اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيْرٌ ❸	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ (8)	وَعَدَ	اللّٰهُ ❹
بیشک اللہ تعالیٰ	خوب باخبر ہے	(اس) سے جو	تم سب عمل کرتے ہو	وعدہ فرمایا ہے	اللہ نے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ❺ لا	لَهُمْ
ان لوگوں سے جو	سب ایمان لائے	اور	سب اعمال کرتے رہے	نیک	ان کیلئے

مَّغْفِرَةٌ ❺	وَّ	اَجْرٌ عَظِيْمٌ (9)	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
بخشش	اور	اجر عظیم ہے	اور	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

وَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ (10)
اور	اُن سب نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	وہی لوگ	جہنم والے ہیں

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ ❻	اٰمَنُوا ❼	اذْكُرُوْا ❶	نِعْمَتَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
اے	وہ لوگو جو	سب ایمان لائے ہو	سب یاد کرو	اللہ کے احسان کو	(جو اس نے کیا) تم پر

اِذْ	هَمَّ	قَوْمٌ ❹	اَنْ	يَّبْسُطُوْٓا	اِلَيْكُمْ	اَيْدِيَهُمْ
جب	ارادہ کیا	ایک قوم نے	کہ	وہ سب بڑھائیں	تمہاری طرف	اپنے ہاتھوں کو

ضروری وضاحت

❶ اگر فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ علامت "ا" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ❸ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❹ فعل کے بعد جس اسم کے آخر میں "پیش" ہو تو وہ اس فعل کا فاعل (کرنیوالا) ہوتا ہے۔ ❺ "ۃ" اور "ات" اسم کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
❻ "یا" اور "اَیُّھَا" دونوں کا ترجمہ "اے" ہے۔ ❼ "اٰمَنُوْا" کا ترجمہ "وہ ایمان لائے" اور "اِمنُوْا" کا ترجمہ "تم ایمان لاؤ" ہوتا ہے۔

ع 2/6/6

فَكَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ	تو روک دیا اس نے ان کے ہاتھوں کو تم سے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَعَلَى اللّٰهِ	اور اللہ سے ڈرو اور اللہ پر (ہی)
فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ (11)	پس چاہئے کہ بھروسہ کریں مومن۔ (11)
وَ لَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ	اور البتہ تحقیق اللہ نے عہد لیا
بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ وَبَعَثْنَا	بنی اسرائیل سے اور ہم نے مقرر کیے
مِنْهُمُ اثْنَیْ عَشَرَ نَقِیْبًا	ان میں سے بارہ سردار
وَ قَالَ اللّٰهُ اِنِّیْ مَعَكُمْ	اور اللہ نے فرمایا بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں
لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ	البتہ اگر تم قائم کرو گے نماز
وَ اٰتَیْتُمُ الزَّكٰوةَ	اور تم ادا کرو گے زکوٰۃ
وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِیْ	اور تم ایمان لاؤ گے میرے رسولوں پر
وَ عَزَّرْتُمُوْهُمْ	اور تم مدد کرو گے ان کی
وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا	اور قرض دو گے اللہ کو قرض حسنہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَیْدِیَهُمْ : یدِطولیٰ، یدِ بیضا۔	قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔	مَعَكُمْ : مع اہل وعیال، معیت۔
فَلْیَتَوَكَّلِ : توکل، متوکل۔	اَقَمْتُمُ : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
الْمُؤْمِنُوْنَ، اٰمَنْتُمْ : امن، ایمان، مومن۔	الصَّلٰوةَ : صوم وصلوٰۃ، صلوۃ تسبیح۔
اَخَذَ : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔	بِرُسُلِیْ : رسول، انبیاء ورسل، ختم الرسل۔
مِیْثَاقَ : میثاقِ مدینہ، وثوق، امیدواثق۔	اَقْرَضْتُمُ : قرض، مقروض۔
بَعَثْنَا : بعثتِ نبوی، مبعوث۔	حَسَنًا : حسن، محسن، حسین وجمیل۔

فَكَفَّ	اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ ج	وَ	اتَّقُوا ❶	اللّٰهَ ط
تو روک دیا اس نے	ان کے ہاتھوں کو	تم سے	اور	تم سب ڈر جاؤ	اللہ سے

ع 2 6 6

وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ ❷	الْمُؤْمِنُوْنَ ع (11)	وَ	لَقَدْ ❸
اور	اللہ پر (ہی)	پس چاہیے کہ بھروسہ کریں	سب ایمان لانے والے	اور	البتہ تحقیق

اَخَذَ	اللّٰهُ ❹	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ج	وَ	بَعَثْنَا ❺
لیا	اللہ تعالیٰ نے	عہد	بنی اسرائیل سے	اور	ہم نے مقرر کیئے

مِنْهُمُ	اثْنَيْ عَشَرَ	نَقِيْبًا ط	وَ	قَالَ	اللّٰهُ ❹
ان میں سے	بارہ	سردار	اور	فرمایا	اللہ نے

اِنِّيْ	مَعَكُمْ ط	لَئِنْ	اَقَمْتُمُ	الصَّلٰوةَ ❻	وَ
بیشک میں	تمہارے ساتھ ہوں	البتہ اگر	تم سب قائم کروگے	نماز	اور

اٰتَيْتُمُ	الزَّكٰوةَ ❻	وَ	اٰمَنْتُمْ	بِرُسُلِيْ	وَ
تم سب ادا کروگے	زکوٰۃ	اور	تم سب ایمان لاؤ گے	میرے رسولوں پر	اور

عَزَّرْتُمُوْهُمْ ❼	وَ	اَقْرَضْتُمُ	اللّٰهَ	قَرْضًا حَسَنًا
تم سب ان کی مدد کروگے	اور	تم سب قرض دوگے	اللہ کو	قرضِ حسنہ

ضروری وضاحت

❶ فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وْا" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❷ "فَ" کے بعد اگر "جزم والا لام" ہو تو اسکا ترجمہ "چاہیے کہ" کیا جاتا ہے۔ ❸ "لَ" اور "قَدْ" کلام میں تاکید کا مفہوم شامل کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ ❹ فعل کے بعد جس اسم کے آخر میں "پیش" ہو تو وہ اس فعل کا فاعل (کرنیوالا) ہوتا ہے۔ ❺ "نَا" سے پہلے اگر "جزم" ہو تو اس "نَا" کا ترجمہ "ہم نے" کیا جاتا ہے۔ ❻ "ةَ" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❼ یہ "عَزَّرْتُمْ + وْ + هُمْ" ہے علامت "تُمْ" کے بعد کوئی اور علامت آئے تو درمیان میں "وْ" لائی جاتی ہے۔

لَاُ كَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ	(تو) البتہ ضرور میں دور کردوں گا تم سے تمہارے گناہ
وَلَاُ دْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ	اور ضرور بضرور میں داخل کروں گا تمہیں باغات میں
تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَ نْهٰرُ ۚ	(کہ) چلتی ہونگی ان کے نیچے سے نہریں
فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ	پھر جس نے کفر کیا اس کے بعد تم میں سے
فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿12﴾	تو یقیناً وہ بھٹک گیا سیدھی راہ سے۔ ﴿12﴾
فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ	تو ان کے توڑ ڈالنے کی وجہ سے اپنے عہد کو
لَعَنّٰهُمْ وَ جَعَلْنَا	ہم نے لعنت کی ان پر اور ہم نے کر دیا
قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ	ان کے دلوں کو سخت
يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ	وہ بدل دیتے ہیں کلمات کو
عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ	اپنے (اصل) مقامات سے
وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا	اور انہوں نے بھلا دیا ایک حصہ اس سے جو
ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ	(کہ) وہ نصیحت کیے گئے اس کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَاُ كَفِّرَنَّ : قسم کا کفارہ، گناہوں کا کفارہ۔	نَقْضِهِمْ : نقض عہد، نقیض، نقض امن۔
سَيِّاٰتِكُمْ : سیاہ کار، اخلاق سیئہ، علمائے سوء۔	قُلُوْبَهُمْ : قلب اطہر، قلوب واذہان، قلبی تعلق۔
تَجْرِىْ : جاری وساری، اجراء۔	يُحَرِّفُوْنَ : تحریف شدہ۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الشعور۔	الْكَلِمَ : کلمہ، کلام، کلمات۔
ضَلَّ : ضلالت وگمراہی۔	مَّوَاضِعِهٖ : وضع قطع، موضع۔
السَّبِيْلِ : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔	نَسُوْا : نسیان، نسیاً منسیا۔
مِّيْثَاقَهُمْ : میثاقِ مدینہ، وثوق، اُمید واثق۔	ذُكِّرُوْا : ذکر، اذکار، تذکرۃ، مذکورۃ۔

لَاُكَفِّرَنَّ ❶	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ ❷	وَ	لَاُدْخِلَنَّكُمْ ❶
(تو) یقیناً میں ضرور دور کردوں گا	تم سے	تمہارے گناہ	اور	ضرور بضرور میں داخل کروں گا تمہیں

جَنّٰتٍ ❷	تَجْرِيْ ❸	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ ج	فَمَنْ
باغات میں (کہ)	چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	پھر جس نے

كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ	مِنْكُمْ	فَقَدْ ❹	ضَلَّ
کفر کیا	اس کے بعد	تم میں سے	تو یقیناً	وہ بھٹک گیا

سَوَآءَ السَّبِيْلِ 12	فَبِمَا ❺	نَقْضِهِمْ	مِّيْثَاقَهُمْ
سیدھی راہ سے	تو بسبب	ان کے توڑ ڈالنے کے	اپنے عہد کو

لَعَنّٰهُمْ ❻	وَ	جَعَلْنَا	قُلُوْبَهُمْ	قٰسِيَةً ج ❷
ہم نے لعنت کی ان پر	اور	ہم نے کردیا	ان کے دلوں کو	سخت

يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	عَنْ مَّوَاضِعِهٖ لا	وَ
وہ سب بدل دیتے ہیں	کلمات کو	اپنے (اصل) مقامات سے	اور

نَسُوْا	حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا ❼	بِهٖ ج
ان سب نے بھلادیا	ایک حصہ	(اس) سے جو (کہ)	وہ سب نصیحت کئے گئے	اس کی

ضروری وضاحت

❶"لَ" اور "نَّ" دونوں کلام میں تاکید کا مفہوم شامل کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ ❷"ة" اور "ات" اسم کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸علامت "تَ" یہاں واحد مؤنث کے لیے استعمال ہوئی ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹"قَدْ" فعل میں تاکید کا مفہوم شامل کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ ❺"فَبِمَا" میں "مَا" زائد ہے اس کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❻یہ اصل میں "لَعَنْنَاهُمْ" تھا دونوں "نون" ملا کر "شد" ڈالی گئی ہے۔ ❼فعل کے شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ	اور آپ ہمیشہ خبر پاتے رہتے ہیں
عَلٰی خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ	ان کی طرف سے خیانت کی
اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ	سوائے تھوڑے (لوگوں) کے ان میں سے
فَاعْفُ عَنْهُمْ وَ اصْفَحْ ؕ	پس معاف کرو ان کو اور درگزر کرو
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿13﴾	بیشک اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے احسان کرنیوالوں کو۔ ﴿13﴾
وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	اور ان لوگوں سے جنہوں نے کہا
اِنَّا نَصٰرٰٓى	بیشک ہم نصاریٰ ہیں
اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ	ہم نے لیا ان سے عہد
فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا	تو انہوں نے بھلا دیا ایک حصہ اس سے جو
ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠	(کہ) وہ نصیحت کئے گئے اس کی
فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ	تو ہم نے ڈال دی ان کے درمیان دشمنی
وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ	اور کینہ و بغض قیامت کے دن تک (کیلئے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تَطَّلِعُ : اطلاع، مطلع، اطلاعات۔	نَصٰرٰى : یہود و نصاریٰ (عیسائی)۔
عَلٰی : علی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔	اَخَذْنَا : اخذ، ماٰخوذ، مواخذہ۔
خَآئِنَةٍ : خائن، امانت میں خیانت۔	مِيْثَاقَهُمْ : میثاقِ مدینہ، وثوق، اُمید واثق۔
فَاعْفُ : معافی، عفو و درگزر۔	فَنَسُوْا : نسیان، نسیاً منسیاً۔
يُحِبُّ : حُب، محبوب، محبت۔	ذُكِّرُوْا : ذکر، اذکار، تذکیر۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسان، محسن۔	بَيْنَهُمْ : بین الاقوامی، بین المذاہب، بین السطور۔
قَالُوْٓا : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	الْعَدَاوَةَ : بغض و عداوت۔

وَ	لَا تَزَالُ ❶	تَطَّلِعُ	عَلٰى خَآئِنَةٍ ❷	مِّنْهُمْ
اور	آپ ہمیشہ	آپ خبر پاتے ہیں	خیانت پر	ان (کی طرف) سے

اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْهُمْ	فَاعْفُ	عَنْهُمْ
سوائے	تھوڑے (لوگوں) کے	ان میں سے	پس معاف کرو	ان کو

وَ	اصْفَحْ ❸ ط	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ ❹	الْمُحْسِنِيْنَ ❺ (13)
اور	درگزر کرو	بیشک	اللہ تعالیٰ	پسند کرتا ہے	سب احسان کرنیوالوں کو

وَ	مِنَ الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّا	نَصٰرٰٓى
اور	ان لوگوں سے جنہوں نے	سب نے کہا	بیشک ہم	نصاریٰ ہیں

اَخَذْنَا	مِيْثَاقَهُمْ	فَنَسُوْا	حَظًّا	مِّمَّا ❻
ہم نے لیا	ان سے عہد	تو ان سب نے بھلا دیا	ایک حصہ	(اس) سے جو

ذُكِّرُوْا ❼	بِهٖ ص	فَاَغْرَيْنَا	بَيْنَهُمُ
(کہ) وہ سب نصیحت کیے گئے	اس کی	تو ہم نے ڈال دی	ان کے درمیان

الْعَدَاوَةَ ❷	وَ	الْبَغْضَآءَ	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ط ❷
دشمنی	اور	کینہ وبغض	قیامت کے دن تک (کیلئے)

ضروری وضاحت

❶ اگر "لَا" کیساتھ "يَزَالُ، تَزَالُ" وغیرہ ہوں تو پھر "لَا" کا الگ ترجمہ نہیں ہوتا بلکہ دونوں کا ملا کر ترجمہ "ہمیشہ" کیا جاتا ہے۔ ❷ "ة" واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❸ اگر فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "جزم" ہو تو اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❹ "يـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❺ شروع میں "مُـ" اور آخر سے پہلے "زیر" میں "کرنے والے" کا مفہوم ہوتا ہے۔ ❻ "مِمَّا" دراصل "مِن + مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❼ فعل کے شروع میں "پیش" اور آخر سے پہلے "زیر" ہو تو اس میں "کیا گیا" کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَ سَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ	اور عنقریب اللہ تعالیٰ ان کو خبر دے گا
بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿14﴾	اس کی جو وہ کرتے تھے۔ ﴿14﴾
يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ	اے اہل کتاب! یقیناً آیا ہے تمہارے پاس
رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا	ہمارا رسول (جو) بیان کرتا ہے تمہارے لیے بہت کچھ
مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ	اس سے جو تم تھے چھپاتے کتاب میں سے
وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬	اور وہ درگزر کرتا ہے بہت (سی باتوں) سے
قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ	یقیناً آ چکی ہے تمہارے پاس اللہ کی طرف سے
نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ ﴿15﴾	روشنی اور واضح کتاب۔ ﴿15﴾
يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ	اللہ تعالیٰ ہدایت دیتا ہے اس کے ذریعے
مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ	اسے جو پیروی کرے اس کی خوشنودی کی
سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ	سلامتی کے راستوں کی اور وہ نکالتا ہے انہیں
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ	(کفر کے) اندھیروں سے (اسلام کی) روشنی کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُنَبِّئُهُمْ	:نبوت ورسالت، نبی (وحی کی خبر دینے والے)۔	نُوْرٌ	:نور ہدایت، نورعلیٰ نور، منور۔
يَصْنَعُوْنَ	:صنعت وحرفت، مصنوعی، مصنوعات۔	كِتٰبٌ	:کتابِ الٰہی، کتابت، مکتوب۔
رَسُوْلُنَا	:رسول اکرم، انبیاء ورسل۔	يَّهْدِيْ	:ہدایت، ہادی کائنات۔
يُبَيِّنُ، مُّبِيْنٌ	:بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	اتَّبَعَ	:اتباع رسول، متبع سنت۔
كَثِيْرًا	:کثیر، کثرت، اکثر۔	رِضْوَانَهٗ	:رضا، راضی نامہ، رضائے الٰہی۔
تُخْفُوْنَ	:خفیہ، مخفی۔	سُبُلَ	:دانائے سبل، سبیل فی سبیل اللہ۔
يَعْفُوْا	:عفو ودرگزر، معافی۔	الظُّلُمٰتِ	:ظلمت، ظلم، مظلوم۔

وَ	سَوْفَ	یُنَبِّئُهُمُ ❶	اللّٰهُ	بِمَا	كَانُوْا یَصْنَعُوْنَ ❷ (14)
اور	عنقریب	خبر دے گا انہیں	اللہ تعالیٰ	(اس) کی جو	تھے وہ سب کرتے

یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ	جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا	یُبَیِّنُ
اے اہل کتاب!	یقیناً	آیا ہے تمہارے پاس	ہمارا رسول	وہ بیان کرتا ہے

لَكُمْ	كَثِیْرًا	مِّمَّا ❸	كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ ❹	مِنَ الْكِتٰبِ
تمہارے لیے	بہت کچھ	(اس) سے جو	تھے تم سب چھپاتے	کتاب میں سے

وَ	یَعْفُوْا ❺	عَنْ كَثِیْرٍ ۬ۙ	قَدْ	جَآءَكُمْ
اور	وہ درگزر کرتا ہے	بہت (سی باتوں) سے	یقیناً	آچکی ہے تمہارے پاس

مِّنَ اللّٰهِ	نُوْرٌ	وَّ	كِتٰبٌ مُّبِیْنٌ ۙ (15)	یَّهْدِیْ ❶
اللہ (کی طرف) سے	روشنی	اور	واضح کتاب	ہدایت دیتا ہے

بِهِ	اللّٰهُ	مَنِ ❻	اتَّبَعَ	رِضْوَانَهٗ
اس کے ذریعے	اللہ تعالیٰ	(اسے) جو	پیروی کرے	اس کی خوشنودی کی

سُبُلَ السَّلٰمِ	وَ	یُخْرِجُهُمْ	مِّنَ الظُّلُمٰتِ ❼	اِلَى النُّوْرِ
سلامتی کے راستوں کی	اور	وہ نکالتا ہے انہیں	اندھیروں سے	روشنی کی طرف

ضروری وضاحت

❶علامت "یـ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❷"كَانُوْا" میں "وا" اور "یَصْنَعُوْنَ" میں "وْنَ" دونوں کا ترجمہ "سب" کیا گیا ہے۔ ❸"مِمَّا" دراصل "مِنْ+مَا" کا مجموعہ ہے۔ ❹علامت "تُمْ" اور "تَ" دونوں کا ملا کر ترجمہ "تم" ہے۔ ❺"یَعْفُوْا" کے آخر میں "وا" جمع کی علامت نہیں ہے بلکہ یہاں "و" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" زائد ہے۔ ❻"مَنْ" کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے "زیر" دیتے ہیں۔ ❼"ات" اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ	اپنے حکم سے اور وہ ہدایت دیتا ہے انہیں
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿16﴾	سیدھے راستے کی طرف۔ ﴿16﴾
لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	البتہ تحقیق کافر ہو گئے وہ لوگ جنہوں نے کہا
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ	بیشک اللہ وہ مسیح بن مریم ہے
قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ	(آپ ان سے) کہیں! پھر کون اختیار رکھتا ہے اللہ سے (بچانے کا)
شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ	کچھ بھی اگر وہ ارادہ کرے کہ وہ ہلاک کرے
الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ	مسیح بن مریم کو اور اس کی ماں کو
وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ	اور جو زمین میں (لوگ) ہیں سب کو
وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	اور اللہ کے لیے ہے آسمانوں کی بادشاہی
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ	اور زمین کی اور جو ان دونوں کے درمیان میں ہے
يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ	وہ پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿17﴾	اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ ﴿17﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

بِاِذْنِهٖ : اذنِ عام، اذنِ الٰہی، باذن اللہ۔	يُّهْلِكَ : ہلاک، ہلاکتیں، مہلک امراض۔
يَهْدِيْهِمْ : ہدایت، ہادیٔ کائنات۔	الْاَرْضِ : ارض وسما، کرہ ارض، اراضی۔
صِرَاطٍ : صراطِ مستقیم، پل صراط۔	جَمِيْعًا : جمیع کائنات، جماعت، جمع۔
قَالُوْٓا، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	بَيْنَهُمَا : بین الاقوامی، بین السطور، بین بین۔
يَّمْلِكُ، مُلْكُ : مالک، ملک، ملکیت۔	يَخْلُقُ : خلق، مخلوق، خلقِ خدا۔
شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے خوردنی۔	عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
اَرَادَ : ارادہ، مرید، مراد۔	قَدِيْرٌ : قادر، قدیر، قدرتِ الٰہی۔

بِاِذْنِهٖ	وَ	يَهْدِيْهِمْ ❶	اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (16)	لَقَدْ ❷
اپنے حکم سے	اور	وہ ہدایت دیتا ہے انہیں	سیدھے راستے کی طرف	البتہ تحقیق

كَفَرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ ❸❹
کفر کیا	ان لوگوں نے جن	سب نے کہا	بیشک اللہ	وہی مسیح بن مریم ہے

قُلْ	فَمَنْ	يَّمْلِكُ ❺	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اِنْ
کہہ دیجیے	تو کون	اختیار رکھتا ہے	اللہ سے (بچانے کا)	کچھ بھی	اگر

اَرَادَ	اَنْ	يُّهْلِكَ	الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ	وَ	اُمَّهٗ
وہ ارادہ کرے	کہ	وہ ہلاک کرے	مسیح بن مریم کو	اور	اس کی ماں کو

وَ مَنْ	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا ؕ	وَ	لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ ❻
اور جو	زمین میں ہے	سب کو	اور	اللہ کے لیے ہے	بادشاہی	آسمانوں کی

وَ الْاَرْضِ	وَ مَا	بَيْنَهُمَا ؕ	يَخْلُقُ	مَا
اور زمین کی	اور جو	ان دونوں کے درمیان میں ہے	وہ پیدا کرتا ہے	جو

يَشَآءُ ؕ	وَ اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ (17)
وہ چاہتا ہے	اور اللہ تعالیٰ	ہر چیز پر	قادر ہے

ضروری وضاحت

❶ علامت "هُمْ" پڑھنے میں آسانی کے لیے کبھی "هِمْ" ہو جاتی ہے۔ ❷ "لَقَدْ" میں "لَ + قَدْ" دونوں علامتیں تاکید کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ ❸ "هُوَ" کے بعد جب "اَلْ" والا اسم ہو تو اس میں زور پیدا ہو جاتا ہے اور ترجمہ "ہی" کیا جاتا ہے۔ ❹ حضرت عیسیٰ کو مسیح اس لیے کہا جاتا ہے کہ مسح کا معنیٰ "ہاتھ پھیرنا" اور وہ بیماروں اور کوڑھیوں پر ہاتھ پھیرتے تو وہ اللہ کے حکم سے تندرست ہو جاتے۔ ❺ "یَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❻ "ات" جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ وَ النَّصٰرٰى	اور کہا یہود و نصاریٰ نے
نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَ اَحِبَّآؤُهٗ ؕ	ہم اللہ کے بیٹے ہیں اور اس کے پیارے ہیں
قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ	(ان سے) کہیں تو (پھر) کیوں وہ عذاب دیتا ہے تمہیں
بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ	تمہارے گناہوں کے بدلے، بلکہ تم
بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ	انسان ہو ان میں سے جو اس نے پیدا کیے ہیں
يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ	وہ معاف کرتا ہے جس کو چاہتا ہے
وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	اور وہ عذاب دیتا ہے جسے چاہتا ہے
وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	اور اللہ ہی کے لیے بادشاہی ہے آسمانوں کی
وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ٘	اور زمین کی اور جو ان دونوں کے درمیان میں ہے
وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ⑱	اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔ ⑱
يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ	اے اہل کتاب! تحقیق آیا ہے تمہارے پاس
رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ	ہمارا رسول وہ (احکام) بیان کرتا ہے تمہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَالَتِ، قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔	مُلْكُ : ملک، املاک، مملکت۔
اَبْنٰٓؤُا : ابن قیم، محمد بن قاسم۔	الْاَرْضِ : ارض و سماء، کرہ ارض، خطہ اراضی۔
اَحِبَّآؤُهٗ : حُب، محبوب، محبت۔	بَيْنَهُمَا : بین الاقوامی، مابین، بین السطور۔
يُعَذِّبُكُمْ : عذاب، تعذیب، عذابِ الٰہی۔	اِلَيْهِ : الداعی الی الخیر، مکتوب الیہ۔
بَشَرٌ : بشر، بشری تقاضا۔	يٰۤاَهْلَ : اہل کتاب، اہل ایمان۔
خَلَقَ : خلق، مخلوق، مخلوقات، تخلیق کائنات۔	رَسُوْلُنَا : رسول، رسل، رسالت۔
يَغْفِرُ : مرحوم و مغفور، دعائے مغفرت۔	يُبَيِّنُ : بیان، بین دلیل، مبینہ طور پر۔

وَ	قَالَتِ ❶	الْیَھُوْدُ	وَ	النَّصٰرٰی	نَحْنُ	اَبْنٰٓؤُا ❷	اللّٰہِ
اور	کہا	یہودیوں	اور	نصاریٰ نے	ہم	بیٹے ہیں	اللہ کے

وَ	اَحِبَّآؤُہٗ ❷ ط	قُلْ	فَلِمَ	یُعَذِّبُکُمْ
اور	اس کے پیارے ہیں	کہہ دیجئے	تو کیوں	وہ عذاب دیتا ہے تمہیں

بِذُنُوْبِکُمْ ط	بَلْ	اَنْتُمْ	بَشَرٌ	مِّمَّنْ ❸	خَلَقَ ط
تمہارے گناہوں کے بدلے	بلکہ	تم	انسان ہو	(ان) میں سے جو	اس نے پیدا کیے

یَغْفِرُ	لِمَنْ	یَّشَآءُ	وَ	یُعَذِّبُ	مَنْ	یَّشَآءُ ط
وہ معاف کرتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	اور	وہ عذاب دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے

وَ	لِلّٰہِ	مُلْکُ	السَّمٰوٰتِ ❹	وَالْاَرْضِ	وَ مَا
اور	اللہ کے لیے	بادشاہت ہے	آسمانوں کی	اور زمین کی	اور جو

بَیْنَھُمَا ز	وَ	اِلَیْہِ	الْمَصِیْرُ (18)	یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ
ان دونوں کے درمیان ہے	اور	اسی کی طرف	لوٹنا ہے	اے اہل کتاب!

قَدْ ❺	جَآءَکُمْ	رَسُوْلُنَا ❻	یُبَیِّنُ	لَکُمْ ❼
تحقیق	آیا ہے تمہارے پاس	ہمارا رسول	وہ (احکام) بیان کرتا ہے	تمہارے لیے

ضروری وضاحت

❶ اصل میں "قَالَتْ" تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے "زیر" دی گئی ہے اور یہ فعل کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❷ "اَبْنٰٓؤُ" اور "اَحِبَّآؤُ" کے شروع میں "ا" جمع کے لیے ہے۔ ❸ "مِمَّنْ" دراصل "مِنْ+مَنْ" کا مجموعہ ہے۔ ❹ "ات" اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❺ "قَدْ" فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ❻ "نَا" اگر اسم کے ساتھ ہو تو اس ترجمہ "ہمارا، ہمارے" ہوتا ہے۔ ❼ "لَکُمْ" میں "لَ" اصل میں "لِ" تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اسے "لَ" کیا گیا ہے۔

عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ	رسولوں کے (آنے کا سلسلہ) منقطع ہو جانے کے بعد
اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا	کہ تم یہ (نہ) کہو (کہ) نہیں آیا ہمارے پاس
مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ز	کوئی خوشخبری دینے والا اور نہ ڈرانے والا
فَقَدْ جَآءَكُمْ	تو یقیناً آچکا ہے تمہارے پاس
بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ط	خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ع (19)	اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ ع (19)
وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ	اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم سے
يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ	اے میری قوم! یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی نعمتوں کو
اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ	جب اس نے بنائے تم میں سے بہت سے انبیاء
وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ق	اور بنایا تمہیں بادشاہ
وَّ اٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ	اور اس نے دیا تمہیں (وہ کچھ) جو نہیں دیا
اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ (20)	کسی ایک کو جہان والوں میں سے۔ (20)

ع 3 8 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الرُّسُلِ: انبیاء و رسل، رسول، رسالت۔	لِقَوْمِهٖ: قوم، اقوام، قومیت۔
تَقُوْلُوْا، قَالَ: قول، اقوال، مقولہ۔	اذْكُرُوْا: ذکر، اذکار، تذکیر، مذکور۔
مِنْ: منجانب، منجملہ، من و عن۔	عَلَيْكُمْ: علَی الاعلان، علی العموم، علیحدہ۔
بَشِيْرٍ: بشیر و نذیر، عشرہ مبشرہ۔	فِيْكُمْ: فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔
كُلِّ: کل نمبر، کلی طور پر، کل کائنات۔	اَنْۢبِيَآءَ: نبی، انبیاء کرامِ، نبوت۔
شَيْءٍ: شے، اشیاء، اشیائے خوردنی۔	مُّلُوْكًا: خلافت و ملوکیّت، ملک فہد۔
قَدِيْرٌ: قادر، قدیر، قدرتِ کاملہ۔	الْعٰلَمِيْنَ: عالم اسلام، عالم کفر، عالمی طاقتیں۔

عَلٰی فَتْرَۃٍ ❶	مِّنَ الرُّسُلِ ❷	اَنْ	تَقُوْلُوْا	مَا	جَآءَنَا
منقطع ہوجانے پر	رسولوں کا (سلسلہ)	کہ	تم سب یہ کہو	(کہ) نہیں	آیا ہمارے پاس

مِنْ ❸❹ بَشِیْرٍ	وَّ لَا	نَذِیْرٍ ز ❸	فَقَدْ	جَآءَکُمْ	بَشِیْرٌ
کوئی خوشخبری دینے والا	اور نہ	کوئی ڈرانیوالا	تو یقیناً	آچکا ہے تمہارے پاس	خوشخبری دینے والا

ع 3 8 7

وَّ	نَذِیْرٌ ط	وَ اللّٰہُ	عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ	قَدِیْرٌ ع (19)
اور	ڈرانے والا	اور اللہ تعالیٰ	ہر چیز پر	قادر ہے

وَ اِذْ	قَالَ	مُوْسٰی	لِقَوْمِہٖ	یٰقَوْمِ ❺	اذْکُرُوْا ❻
اور جب	کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے	اے میری قوم!	تم سب یاد کرو

نِعْمَۃَ اللّٰہِ	عَلَیْکُمْ	اِذْ	جَعَلَ	فِیْکُمْ
اللہ کی نعمتوں کو	(جو اس نے کیں) تم پر	جب	بنائے اس نے	تم میں (سے)

اَنْبِیَآءَ	وَ	جَعَلَکُمْ	مُّلُوْکًا ق	وَّ	اٰتٰکُمْ
(بہت سے) انبیاء	اور	بنایا تمہیں	بادشاہ	اور	اس نے دیا تمہیں (وہ کچھ)

مَّا لَمْ	یُؤْتِ ❼	اَحَدًا ❸	مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ (20)
جو نہیں	اس نے دیا	کسی ایک کو	سب جہان والوں میں سے

ضروری وضاحت

❶ "عَلٰی فَتْرَۃٍ" کا اصل ترجمہ "منقطع ہوجانے پر" ہے اور اس سے مراد "منقطع ہونے کے بعد" ہے۔ ❷ مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے یہاں "کا" ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ❸ ڈبل حرکت میں کبھی اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ "کوئی" یا "کسی" کیا گیا ہے۔
❹ یہاں "مِنْ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ❺ اصل میں "یٰقَوْمِیْ" تھا آخر سے "یْ" گر گئی ہے اور اس کا ترجمہ "میری" کیا گیا ہے۔
❻ اگر فعل کے شروع میں "ا" اور آخر میں "وا" تو عموماً اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❼ "یـ" کا ترجمہ وہ کی بجائے "اس نے" کیا گیا ہے۔

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ	اے میری قوم! داخل ہو جاؤ ارض مقدس (ملک شام) میں
الَّتِیْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ	جسے لکھ رکھا ہے اللہ نے تمہارے لیے
وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِكُمْ	اور نہ پھر جانا اپنی پیٹھوں کے بل
فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿21﴾	تو تم لوٹو گے نقصان اٹھانے والے بن کر۔ ﴿21﴾
قَالُوْا یٰمُوْسٰٓی	انہوں نے کہا اے موسیٰ!
اِنَّ فِیْهَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ ۖ	بیشک اس میں زبردست قوم (رہتی) ہے
وَ اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا	اور بیشک ہم ہرگز نہیں داخل ہونگے اس میں
حَتّٰی یَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ	یہاں تک کہ وہ نکل (نہ) جائیں اس سے
فَاِنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا	پس اگر وہ نکل جائیں اس سے
فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿22﴾	تو بیشک ہم داخل ہونگے۔ ﴿22﴾
قَالَ رَجُلٰنِ	کہا دو آدمیوں نے
مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ	اُن میں سے جو ڈرتے تھے (اللہ سے)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یٰقَوْمِ، قَوْمًا: قوم، اقوام، قومیت۔	خٰسِرِیْنَ: خسارہ، خائب وخاسر۔
ادْخُلُوْا، نَّدْخُلَهَا: داخل، دخول، داخلہ فارم۔	فِیْهَا: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الْاَرْضَ: ارض مقدس، ارض وسماء، کرۂ ارض۔	جَبَّارِیْنَ: جابر وظالم، مجبور، مجبوری۔
الْمُقَدَّسَةَ: مقدس، تقدیس، مقدس کا غذات۔	حَتّٰی: حتی الوسعت، حتی الامکان، حتی کہ۔
كَتَبَ: کاتب، مکتوب، کاتبِ وحی۔	یَخْرُجُوْا: خارج، خروج، امور خارجہ۔
تَرْتَدُّوْا: ارتداد، مرتد، مرتدین۔	رَجُلَانِ: رجال کار، قحط الرجال۔
فَتَنْقَلِبُوْا: انقلاب، انقلابی قدم۔	یَخَافُوْنَ: خوفِ خدا، خائف، خوف وہراس۔

یٰقَوْمِ ❶	ادْخُلُوا ❷	الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ ❸	الَّتِیْ ❹
اے میری قوم!	تم سب داخل ہو جاؤ	مقدس سرزمین (ملک شام) میں	جسے

كَتَبَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ لَا	تَرْتَدُّوْا ❺	عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ ❻
لکھ رکھا ہے	اللہ نے	تمہارے لیے	اور نہ	تم سب پھر جانا	اپنی پیٹھوں کے بل

فَتَنْقَلِبُوْا	خٰسِرِيْنَ ❼ (21)	قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِنَّ
تو تم سب لوٹو گے	نقصان اٹھانے والے بن کر	ان سب نے کہا	اے موسیٰ!	بیشک

فِيْهَا	قَوْمًا	جَبَّارِيْنَ ❼ ۖ	وَ اِنَّا ❽	لَنْ
اس میں	قوم ہے	زبردست	اور بیشک ہم	ہرگز نہیں

نَّدْخُلَهَا	حَتّٰى	يَخْرُجُوْا	مِنْهَا ج
ہم داخل ہونگے اس میں	یہاں تک کہ	وہ سب نکل جائیں	اس سے

فَاِنْ	يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	فَاِنَّا ❽	دٰخِلُوْنَ (22)
پس اگر	وہ سب نکل جائیں	اس سے	تو بیشک ہم	سب داخل ہونگے

قَالَ	رَجُلٰنِ ❾	مِنَ الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ
کہا	دو آدمیوں نے	(اُن میں) سے جو	وہ سب ڈرتے تھے (اللہ سے)

ضروری وضاحت

❶ اصل میں "یٰقَوْمِیْ" تھا آخر سے "یْ" گر گئی ہے اور اسی کا ترجمہ "میری" کیا گیا ہے۔ ❷ اگر شروع میں "ا" اور آخر میں "وْا" تو عموماً اس میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❸ "ۃ" اسم کے ساتھ واحد مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ❹ "اَلَّتِیْ" واحد مؤنث کیلئے ہے۔ ❺ شروع میں "لَا" اور آخر میں "وا" تو عموماً اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ❻ "عَلٰی" کا ترجمہ کبھی "کے بل" بھی کیا جاتا ہے۔ ❼ "یْنَ" کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ❽ یہ "اِنَّنَا" تھا آسانی کیلئے ایک "نون" گرا دیا گیا ہے۔ ❾ "ان" دو ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

• سرخ رنگ : ایک علامت کیلئے • نیلا رنگ : دوسری علامت کیلئے • کالا رنگ : اصل لفظ کیلئے

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا	(اور) اللہ نے انعام کیا تھا ان دونوں پر
ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ	داخل ہو جاؤ ان پر دروازے سے (اور حملہ کر دو)
فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ	پس جب تم داخل ہو جاؤ گے اس سے
فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ	تو بیشک تم غالب ہو گے
وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا	اور اللہ تعالیٰ پر پس بھروسہ کرو
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿23﴾	اگر ہو تم مومن۔ ﴿23﴾
قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا	انہوں نے کہا اے موسیٰ! بیشک ہم
لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا	ہرگز نہیں داخل ہونگے اس میں کبھی بھی
مَّا دَامُوْا فِيْهَا	جب تک وہ ہیں اس میں
فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ	پس جا تو اور تیرا رب
فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿24﴾	پس تم دونوں لڑو بیشک ہم یہاں بیٹھے ہیں۔ ﴿24﴾
قَالَ رَبِّ	کہا (موسیٰ نے) اے میرے رب!

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْعَمَ	:انعام، منعم حقیقی، نعمت۔
ادْخُلُوْا، دَخَلْتُمُوْهُ	:داخل، داخلہ فارم، داخلی امور۔
الْبَابَ	:بابِ جنت۔
غٰلِبُوْنَ	:غالب، مغلوب، غلبہ، ظنِ غالب۔
عَلَى	:علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فَتَوَكَّلُوْٓا	:توکل علی اللہ، متوکل۔
مُّؤْمِنِيْنَ	:امن، ایمان، مومن۔
قَالُوْا	:قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
اَبَدًا	:ابدالآباد۔
وَ	:شان وشوکت، عفوو درگزر، رحم وکرم۔
فِيْهَا	:فی الحال، فی الحقیقت، فی الفور۔
فَقَاتِلَآ	:قتل، قاتل، مقتول۔
قٰعِدُوْنَ	:قعدہ، مقعد۔

اَنْعَمَ❶	اللّٰهُ	عَلَيْهِمَا	ادْخُلُوْا❷	عَلَيْهِمُ
(اور) انعام کیا	اللہ نے	ان دونوں پر	(کہا) تم سب داخل ہو جاؤ	ان پر

الْبَابَ ج	فَاِذَا	دَخَلْتُمُوْهُ❸	فَاِنَّكُمْ
دروازے سے (اور حملہ کردو)	پس جب	تم سب داخل ہو جاؤ گے اس سے	تو بیشک تم

غٰلِبُوْنَ ۵	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَتَوَكَّلُوْٓا❹
سب غالب ہو گے	اور	اللہ تعالیٰ پر	پس تم سب بھروسہ کرو

اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ (23)	قَالُوْا
اگر	ہو تم	سب ایمان لانے والے	ان سب نے کہا

يٰمُوْسٰٓى	اِنَّا❺	لَنْ	نَّدْخُلَهَآ	اَبَدًا
اے موسیٰ!	بیشک ہم	ہرگز نہیں	ہم داخل ہونگے اس میں	کبھی بھی

مَّا دَامُوْا❻	فِيْهَا	فَاذْهَبْ	اَنْتَ	وَ	رَبُّكَ
جب تک وہ سب ہیں	اس میں	پس جا	تو	اور	تیرا رب

فَقَاتِلَآ	اِنَّا❺	هٰهُنَا	قٰعِدُوْنَ (24)	قَالَ	رَبِّ❼
پس دونوں لڑو	بیشک ہم	یہاں	سب بیٹھے ہیں	کہا (موسیٰ نے)	(اے) میرے رب!

ضروری وضاحت

